آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

MEMBER OF APNS & CPNE

روزنامہ Daily SHAL Quetta شال کوئٹہ

www.dailyshal.com

جلد نمبر 32 | بروز ہفتہ 27 جون 2020ء بمطابق 05 ذیقعد 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ 177

پارٹی کے اندر کسی قسم کی کوئی تقسیم یا اختلاف نہیں، عمران خان

اپنے نقطہ نظر کیلئے اظہار خیال کی آزادی ہر ایک کو حاصل ہے، کورونا وباء کی وجہ سے ترقیاتی فنڈز روکے، معاشی صورتحال بہتر ہونے پر جاری کردیئے جائینگے

حکومت نے کورونا وباء کی وجہ سے متاثر غریب طبقے کی طرف خصوصی توجہ دی، احساس پروگرام کے تحت ایک کروڑ بیس لاکھ خاندانوں میں سوا ارب سے زیادہ تقسیم ہوچکے ہیں

حکومت نے کورونا وباء کی وجہ سے متاثر غریب طبقے کی طرف خصوصی توجہ دی اور احساس پروگرام کے تحت ایک کروڑ بیس لاکھ خاندانوں میں سوا ارب سے زیادہ تقسیم ہوچکے ہیں، اتحادی جماعتوں کے اراکین پارلیمنٹ سے گفتگو

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان کا کہنا ہے کہ تحریک انصاف میں کسی قسم کی کوئی تقسیم یا اختلاف نہیں، اپنے نقطہ نظر کیلئے اظہار خیال کی آزادی ہر ایک کو حاصل ہے، کورونا کی وباء کی وجہ سے اراکین پارلیمنٹ کے ترقیاتی فنڈز روکے جیسے ہی معاشی صورتحال بہتر ہوگی ترقیاتی فنڈز جاری کردیئے جائینگے۔ وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کو پارلیمنٹ ہاؤس میں تحریک انصاف اور اس کی اتحادی جماعتوں کے اراکین پارلیمنٹ سے گفتگو کرتے ہوئے کیا جنہوں نے ان سے ملاقات کی۔ چیف وہیپ ملک عامر ڈوگر بھی اس موقع پر موجود تھے ذرائع کے مطابق تحریک

بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

مظفر آباد؛ وزیراعظم عمران خان احساس کیش پروگرام کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

عوام پر پیٹرول بم گرادیا، پیٹرول کی قیمت میں 25 روپے اضافہ

حکومت نے کورونا وبا کی وجہ سے معاشی مسائل سے دوچار عوام پر پٹرولیم بم گرادیا اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 17 روپے سے 58.25 روپے فی لیٹر تک اضافہ کردیا ہے

پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلامیہ جاری کردیا ہے 'نئی قیمتوں کا اطلاق رات 12 بجے سے کیا جائے گا' وزارت خزانہ

پٹرول کی قیمت 74.52 روپے سے بڑھا کر 100.10 روپے فی لیٹر، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 80.15 روپے سے بڑھا کر 101.46 روپے فی لیٹر، مٹی کے تیل کی قیمت 35.56 روپے سے بڑھا کر 59.60 روپے فی لیٹر ہوگئی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے کورونا وبا کی وجہ سے معاشی مسائل سے دوچار عوام پر پٹرولیم بم گرادیا اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 17 روپے سے 58.25 روپے فی لیٹر تک اضافہ کردیا ہے۔ وزارت خزانہ کی جانب سے پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلامیہ جاری کردیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ نئی قیمتوں کا اطلاق رات 12 بجے سے کیا جائے گا۔ اعلامیہ کے مطابق پٹرول کی قیمت میں 38.25 روپے فی لیٹر، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 31.21 روپے فی لیٹر، مٹی کے تیل کی قیمت میں 50.23 روپے فی لیٹر اور لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت میں 84.17 روپے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔ وزارت خزانہ کے اعلامیے کے مطابق پٹرول کی قیمت 52.74 روپے سے بڑھا کر 10.100 روپے فی لیٹر، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی

بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس ایک دن میں مزید 59 اموات رپورٹ ہوئیں

گذشتہ چار روز کے دوران وفاقی دارلحکومت کے سرکاری ہسپتالوں میں 189 آکسیجن بیڈز کا اضافہ کیا گیا ہے

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران کورونا کے سبب مزید 59 اموات رپورٹ ہوئیں جس کے بعد اموات کی مجموعی تعداد 3 ہزار 962 ہوگئی۔ نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سنٹر کی جانب سے جاری کیے گئے اعداد و شمار کے مطابق ملک بھر سے

بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	5:00
ظہر	2:00
عصر	6:05
مغرب	غروب آفتاب (07:44)
عشاء	9:30

اہل تشیع

فجر صبح	03:58
ظہرین	12:36
مغربین	08:00

مشیر خزانہ سے چینی سفیر کی ملاقات، سی پیک سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

پاکستان کی حکومت سی پیک منصوبوں کے عملی اطلاق کے عمل کو تیز کرنے کیلئے کئی ادارہ جاتی اقدامات اٹھا رہی ہے، عبدالحفیظ شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے خزانہ و محصولات ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان کی حکومت سی پیک منصوبوں کے عملی اطلاق کے عمل کو تیز کرنے کیلئے کئی ادارہ جاتی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ وہ پاکستان میں چین کے سفیر یاؤ جنگ

بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی سے صدر ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ سونیا بلوچ کی قیادت میں وفد ملاقات کررہا ہے

ٹڈی دل کے خاتمے کے لئے اداروں کی کاوشیں قابل تعریف ہیں، سید فخر امام

ٹڈی دل کے خاتمے کے لئے بین الاقوامی اداروں سے بھی رابطے میں ہیں، وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر غذائی تحفظ و تحقیق سید فخر امام نے کہا ہے کہ ٹڈی دل کے خاتمے کے لئے اداروں کی کاوشیں قابل تعریف ہیں، آنے والے دنوں میں، بھارت، ایران، افریقہ اور عمان سے ٹڈی دل کے حملے کا خدشہ ہے، ٹڈی دل کے خاتمے کے لئے

بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

سابق نگران وزیراعلیٰ سردار محمد صالح بھوتانی اور سابق چیف سیکرٹری بلوچستان کے پی زونکو نیب نے 30 جون کو طلب کرلیا

کوئٹہ (این این آئی) سابق نگران وزیراعلیٰ سردار محمد صالح بھوتانی اور سابق چیف سیکرٹری بلوچستان کے

بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

لسبیلہ کے علاقے بیلہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے

کوئٹہ (این این آئی) لسبیلہ کے علاقے بیلہ میں زلزلے کے جھٹکے محسوس کئے گئے تفصیلات کے مطابق

بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

لسبیلہ میں کورونا وائرس کے مریضوں کی تعداد 145 ہوگئی ہے، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر آصف انور شاہوانی

اوتھل (این این آئی) ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی نے کہا ہے کہ لسبیلہ میں کورونا

بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

کوئٹہ پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لے لی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ پولیس نے ایک نامعلوم شخص کی نعش قبضے میں لے لی۔ تفصیلات کے

بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

سلوگن

کرونا وائرس سے ممکنہ خوف، اندازوں اور خود کردہ علاج سے ممکن نہیں، طبی ماہرین آورمحب وطن افراد کے تجربات، مشاہدات اور حقیقی علم سے استفادہ ہی سے اس وباء سے نجات مل سکے گی۔ بہتر ہے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کے علاوہ اس وباء کی علامات اور پھیلاؤ سے متعلق خود کو مکمل باخبر رکھا جائے۔

صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی اسمبلی اجلاس میں بجٹ پر بحث کررہے ہیں

حکومت چند مہینوں کا مہمان ہے، تاریخ کا بدترین بجٹ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ موجودہ حکمران نااہل ہیں، مولانا عبدالغفور حیدری

ژوب (این این آئی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ حکومت چند مہینوں کا مہمان ہے، تاریخ کا بدترین بجٹ اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ موجودہ حکمران نااہل ہے، کپتان اور کھلاڑی ناکام ہوچکے ہیں، سیاسی جماعتوں سے رابطے میں ہیں امید ہے اپوزیشن متحد ہوکر

بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

ڈاکٹرز کا مشکل کی اس گھڑی میں کردار تحسین کے لائق ہیں' آرمی چیف

ڈاکٹرز نے مشکل گھڑی میں جس طرح ہراول دستے کا کردار جانفشانی سے ادا کیا اس کیلئے وہ تحسین کے لائق ہیں

امید ہے آئندہ بھی ڈاکٹرز مکمل لگن اور محنت سے انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے، جنرل قمر جاوید باجوہ

راولپنڈی (آن لائن) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ ڈاکٹرز نے مشکل کی اس گھڑی میں جس طرح ہراول دستے کا کردار جانفشانی سے ادا کیا اس کیلئے وہ تحسین کے لائق ہیں، امید ہے آئندہ بھی ڈاکٹرز مکمل لگن اور محنت سے انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز راولپنڈی میں جدید ترین پٹ سی ٹی سکین اینڈ سائیکلوٹرون سسٹم اور پائی پلین انجیوگرافی سسٹم کے افتتاح کے حوالے سے منعقدہ تقریب کے موقع پر

بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بھر سے اہم خبریں

چیئرمین سینٹ سے جرمن ادارے فریڈرچ ایبرٹ سٹفٹنگ کے کنٹری ڈائریکٹر کی ملاقات، مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ محمد صادق سنجرانی سے جرمن ادارے فریڈرچ ایبرٹ

بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

عمران صاحب نے ٹیلنٹ چور، چادر اور جہاز میں بھاگ کر لندن فرار کروایا، بوکھلاہٹ کا شکار مسلم لیگ (ن) ہے، مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے وزیر اطلاعات شبلی

بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر

اپنے گریبان میں جھانکے بغیر دنیا بھر میں ہونے والے پولیس تشدد کی مذمت کرنا بہت آسان ہے، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ اپنے گریبان

بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

15 جولائی سے تعلیمی ادارے کھولنے کا کوئی فیصلہ نہیں ہوا، شفقت محمود

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم شفقت محمود نے کہا ہے کہ 15 جولائی سے تعلیمی ادارے کھولنے کا

بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت کا احساس پروگرام کے تحت لائن آف کنٹرول کے متاثرین میں امدادی چیکس تقسیم، خصوصی ریلیف پیکج کا آغاز

ایل او سی، 219 متاثرہ دیہات کی 123204 گھرانوں کو 12 ہزار روپے فی کس کی امدادی رقم دی جائیگی، عمران خان

مظفر آباد (این این آئی) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ لائن آف کنٹرول کے ساتھ واقع 219 متاثرہ دیہات کی 123204 گھرانوں کو 12 ہزار روپے فی کس کی امدادی رقم دی جائیگی۔ وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان عمران خان نے جمعہ کے

بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

ڈاکٹر ربابہ بلیدی کے تدارک اور زراعت کی ترقی کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

بلوچستان حکومت نے مشکل ترین حالات میں ایک عوام دوست اور متوازن بجٹ پیش کرکے بہترین مالی نظم و نسق کی ایک اعلیٰ مثال قائم کی ہے

پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک کو وبا 19 کی وجہ سے شدید معاشی و اقتصادی دباؤ کا شکار ہیں، پارلیمانی سیکرٹری صحت

کوئٹہ (ٹی این) پارلیمانی سیکرٹری صحت ڈاکٹر ربابہ بلیدی نے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت نے مشکل ترین حالات میں ایک عوام دوست اور متوازن بجٹ پیش کرکے بہترین مالی نظم و نسق کی ایک اعلیٰ مثال قائم کی ہے پاکستان سمیت دنیا کے بیشتر ممالک کو وبا 19 کی وجہ

بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ کے مشیر مطاخان کاکڑ میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ کے مشیر مطاخان کاکڑ میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوگئی ایوان میں کھلبلی مچ گئی مطاخان کاکڑ ایوان سے چلے گئے، تفصیلات کے مطابق جمعہ کو

بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

حکومت، عدلیہ اور میڈیا سمیت تمام اداروں پر کنٹرول چاہتی ہے، سینیٹر سراج الحق

کورونا کی شکل میں بڑی تباہی سے پہلے اللہ نے کچھ علامات دکھائی ہیں ان کو سامنے رکھ کر ہمیں مستقبل کا راستہ طے کرنا ہے

خوف بیماریوں کی جڑ ہے، وہم اور نقل کی بیماریاں بھی خوف کا ہی نتیجہ ہوتی ہیں، امیر جماعت اسلامی پاکستان

حیدرآباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ کورونا کی شکل میں بڑی تباہی سے پہلے اللہ نے کچھ علامات دکھائی ہیں ان کو سامنے رکھ کر ہمیں مستقبل کا راستہ طے کرنا ہے، خوف بیماریوں کی جڑ ہے، وہم اور نقل کی بیماریاں بھی خوف کا

بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

این ایف سی ایوارڈ کے متعلق بلوچستان ہائی کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہیں، بی این پی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی بیان میں بلوچستان ہائی کورٹ کے این ایف سی ایوارڈ کے متعلق فیصلے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے عدالت عالیہ نے کے فیصلے میں این ایف سی ایوارڈ میں

بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

حکومت صرف کاغذی کارروائی کرتی ہے فیصلہ کرنے کی ہمت نہیں

چیف جسٹس

سپریم کورٹ میں ادویات کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق کیس کی سماعت' حکومت کو معلوم ہی نہیں کرنا کیا ہے، کیس کی سماعت پیر تک ملتوی

ادویہ ساز کمپنیاں خام مال خریداری کے نام پر سارا منافع باہر بھیج دیتی ہیں، افسوس ہوتا ہے حکومت کوئی کام نہیں کررہی، ڈریپ کہتی ہے مٹھی گرم کرو تو سارا کام ہوجائے گا، ریمارکس

اسلام آباد (آن لائن) سپریم کورٹ میں ادویات کی قیمتوں میں اضافے سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس گلزار احمد نے حکومت کو معلوم ہی نہیں کہ کرنا کیا ہے، حکومت صرف کاغذی کارروائی کرتی ہے فیصلہ کرنے کی ہمت نہیں، حکومت خود کچھ کرتی نہیں فیصلے کرنے کیلئے معاملہ ہمارے گلے ڈال دیا جاتا ہے، ادویات کمپنیاں ہوں یا فرٹیلائزر سب ہی غیر یقینی صورتحال میں رہتی ہیں، ادویہ ساز کمپنیاں خام مال خریداری کے نام پر سارا منافع باہر بھیج دیتی ہیں، افسوس ہوتا ہے کہ حکومت کوئی کام نہیں کر رہی، ڈریپ کہتی ہے مٹھی گرم کرو تو سارا کام ہوجائے

بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

معاشی طور پر خودمختار اور مستحکم خواتین کا کردار نہایت اہم ہوتا ہے

بلوچستان جرنلسٹس ایسوسی ایشن

موجودہ حکومت معاشی نظام کی بہتری اور قومی پیداوار میں اضافہ کیلئے زندگی کی تمام سرگرمیوں میں خواتین کی شرکت اور شمولیت پر یقین رکھتی ہے

معاشی طور پر خودمختار اور مستحکم خواتین کا کردار معاشی ترقی کے علاوہ اپنے بچوں کی جدید تعلیم و تربیت کیلئے بھی نہایت اہم ہوتا ہے' امان اللہ خان یاسین زئی

کوئٹہ (ٹی این) گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا ہے کہ خواتین کو معاشی اور معاشرتی شعبوں میں مردوں کے برابر مواقع اور سہولیات فراہم کرنے سے ہی ملک کے معاشی نظام کو مضبوط اور مستحکم بنایا جاسکتا ہے کیونکہ معاشی طور پر خودمختار اور مستحکم خواتین کا کردار معاشی ترقی کے علاوہ اپنے بچوں کی جدید تعلیم و تربیت کیلئے بھی نہایت اہم ہوتا ہے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت معاشی نظام کی بہتری اور قومی پیداوار میں اضافہ کیلئے زندگی کی تمام سرگرمیوں میں خواتین کی شرکت اور شمولیت پر یقین رکھتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں ویمن چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ کی سربراہ سونیا بلوچ کی قیادت میں خواتین کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ بلوچستان کی خواتین میں صلاحیتوں کی کوئی کمی نہیں ہے البتہ مواقعوں کی عدم دستیابی اور سہولیات کی عدم موجودگی ان کی راہ میں سردست بڑی رکاوٹیں ہیں۔ گورنر یاسین

بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کا فروغ سرفہرست ہے، فرمان زرکون

بلوچستان میں غربت اور بیروزگاری کے خاتمے کیلئے صوبائی حکومت کئی اقدامات کررہی ہے، چیف ایگزیکٹو

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون اور نجی کاروباری ادارے کے نمائندے مرزا شاہنواز آغا کے درمیان گزشتہ روز وڈیو کانفرنس ہوئی جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے مواقعوں سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا

بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

انسپکٹر بلوچستان صوبائی اسمبلی میر عبداللہ اس جرگے سے سابق وزیراعلیٰ بلوچستان ایم پی اے نواب اسلم رئیسانی ملاقات کررہے ہیں

سیکرٹری مواصلات و تعمیرات سے ڈی آئی جی موٹروے پولیس بلوچستان کی ملاقات

بلوچستان میں تنگ روڈ جہاں وے روز کو کھلے ہیں ان پر اسپیڈ بریکر نہ ہونے کی وجہ سے کئی قیمتی جانیں ضائع ہوچکے ہیں' نورالامین مینگل

کوئٹہ (ٹی این) سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نورالامین مینگل سے ڈی آئی جی موٹروے پولیس بلوچستان علی شیر جھکرانی کا ملاقات، حادثات کی روک

بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

احتیاطی تدابیر اپنائیں گے تو صحت کا نظام مفلوج نہیں ہوگا' اسد عمر

30 جون تک کورونا وائرس کے کیسز 3 لاکھ کے بجائے سوا 2 لاکھ ہوجائیں گے' کیسز کی تعداد 30 جون تک کیسز کی تعداد سوا 2 لاکھ یا اس سے کم ہوگی

ایجنسیز کے ذریعے بھی کورونا وائرس سے متعلق معلومات حاصل کی جاتی ہیں اور یہ نظر آرہا ہے کہ بہت سارے لوگ حفاظتی اقدامات پر عمل کررہے ہیں، وفاقی وزیر

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و مراعات اسد عمر نے کہا ہے کہ 30 جون تک کورونا وائرس کے کیسز 3 لاکھ کے بجائے سوا 2 لاکھ ہوجائیں گے، ماہرین نے اندازہ لگایا تھا کہ اگر حفاظتی تدابیر نہ اپنائی گئیں تو 30 جون تک ملک میں کورونا وائرس کے 3 لاکھ کیسز ہوسکتے تھے، ایجنسیز کے ذریعے بھی کورونا وائرس سے متعلق معلومات حاصل کی جاتی ہیں اور یہ نظر آرہا ہے کہ بہت سارے لوگ حفاظتی اقدامات پر عمل کررہے ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے کہا کہ ماہرین نے اندازہ لگایا تھا کہ اگر حفاظتی تدابیر نہ اپنائی گئیں تو 30 جون تک ملک میں کورونا وائرس کے 3 لاکھ کیسز ہوسکتے تھے۔ اپنی بات جاری رکھتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آج صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے بعد لگتا ہے کہ کیسز کی تعداد 30 جون تک کیسز کی تعداد سوا 2 لاکھ یا اس سے کم ہوگی جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر سب لوگ صحیح کام کریں اور اپنی انفرادی ذمہ داری پوری کریں اور حکومت اپنی اجتماعی ذمہ داری

بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹریل کو ہرگز برداشت نہیں کرینگے' نور محمد دمڑ

سنجاوی 132kv گرڈ اسٹیشن کے تعمیراتی کام، اسپورٹس اسٹیڈیم کے ترقیاتی کام، پوئی سنجاوی روڈ اور سنجاوی میں جاری مختلف ترقیاتی کاموں کا معائنہ کیا

ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹریل کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے، عوام کے پیسوں کو ضائع نہیں کریں گے، صوبائی وزیر پی ایچ ای واسا

زیارت (ٹی این) صوبائی وزیر پی ایچ ای واسا حاجی نور محمد دمڑ نے سنجاوی کا دورہ کیا دورے کے دوران صوبائی وزیر نے سنجاوی 132kv گرڈ اسٹیشن کے تعمیراتی کام، اسپورٹس اسٹیڈیم کے ترقیاتی کام، پوئی سنجاوی روڈ اور سنجاوی میں جاری مختلف ترقیاتی کاموں کا

بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ٹڈی دل کے تدارک اور زراعت کی ترقی کے لیے غیر معمولی وسائل مختص کیے گئے ہیں' ڈاکٹر ربابہ بلیدی

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ کے مشیر مطاخان کاکڑ میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوگئی

آر ایس ایس کی ہندتوا سوچ خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے' شبلی فراز

مقبوضہ کشمیر میں عوام 5 اگست 2019 سے لاک ڈاؤن کا شکار ہیں، کورونا کی صورتحال اور لاک ڈاؤن کے باوجود کشمیریوں کو قتل کیا جارہا ہے

آر ایس ایس کی ہندتوا سوچ خطے کے امن کے لئے خطرہ ہے، وفاقی وزیر اطلاعات کا تشدد کے خلاف عالمی دن اور کشمیر میں بھارتی انتہا پسندی کے عنوان سے سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ مقبوضہ کشمیر میں عوام 5 اگست 2019 سے لاک ڈاؤن کا شکار ہیں، کورونا کی صورتحال اور لاک ڈاؤن کے باوجود کشمیریوں کو قتل کیا جارہا ہے، آر ایس ایس کی ہندتوا سوچ خطے کے امن کے لئے خطرہ

بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر

چیف سیکرٹری بلوچستان کیپٹن (ر) فضیل اصغر سرکاری زمینوں پر تجاوزات کے سلسلے میں اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

ناروال سپورٹس سٹی کمپلیکس بنانا جرم اور چینی کا تین سو ارب کا غبن درست ہے، احسن اقبال

چینی کا غبن کرنے والے لندن میں بیٹھے ہوئے ہیں، چینی چوروں کو بچانے کیلئے آپ نے پوری شوگر انڈسٹری کو چور بنا دیا، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال نے کہا ہے کہ ناروال سپورٹس سٹی کمپلیکس بنانا جرم اور چینی کا تین سو ارب کا غبن درست ہے، چینی کا غبن کرنے والے لندن میں بیٹھے ہوئے ہیں، چینی چوروں کو بچانے کیلئے آپ

بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

کورونا وائرس کے پھیلاؤ سے پہلے معاشی اعشاریے بہتر ہورہے تھے' اسد عمر

حکومت بہتر نظم و نسق کے حصول کیلئے درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے' وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی و ترقی اسد عمر نے کہا ہے کہ عوام نے ملک میں تبدیلی لانے کیلئے پاکستان تحریک انصاف کی حکومت

بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

پڑھیں ماہنامہ پربت کوئٹہ کا تازہ شمارہ

بلوچستان کا کثیر الاشاعت براہوئی ماہنامہ آسیاب نوشکی



بلوچستان کا کثیر الاشاعت بلوچی ماہنامہ گدروشیا کوئٹہ



روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

27 جون 2020ء

کورونا معاشی مسائل سے دوچار عوام پر پٹرول بم حملہ

حکومت نے کورونا وبا کی وجہ سے معاشی مسائل سے دوچار عوام پر پٹرولیم بم گرادیا اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 17 روپے سے 58.25 روپے فی لیٹر تک اضافہ کردیا ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی نئی قیمتوں کا اعلامیہ جاری کردیا ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ نئی قیمتوں کا اطلاق رات 12 بجے سے ہوگیا ہے۔ پٹرول کی قیمت میں 38.25 روپے فی لیٹر، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت میں 31.21 روپے فی لیٹر، مٹی کے تیل کی قیمت میں 50.23 روپے فی لیٹر اور لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت میں 84.17 روپے فی لیٹر اضافہ کیا گیا ہے۔ پٹرول کی قیمت 52.74 روپے سے بڑھا کر 10.100 روپے فی لیٹر، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی قیمت 15.80 روپے سے بڑھا کر 46.101 روپے فی لیٹر، مٹی کے تیل کی قیمت 56.35 روپے سے بڑھا کر 06.59 روپے فی لیٹر اور لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت 14.38 روپے سے بڑھا کر 98.55 روپے فی لیٹر کردی گئی ہے۔ گزشتہ ماہ حکومت نے عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے بعد ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 12 روپے تک کمی کی تھی۔ تاہم پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کے باوجود اس کی عدم دستیابی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ وزیراعظم کی ہدایت پر وزارت پیٹرولیم و توانائی نے مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے پیٹرول کی مصنوعی قلت پیدا کرنے کی تحقیقات کا آغاز کی بھی کیا۔ حکومت نے گزشتہ ماہ بھی عالمی سطح پر پیٹرولیم کی کم ہونے والی قیمتوں کا پورا فائدہ عوام تک نہیں پہنچایا تھا اور پیٹرولیم لیوی میں 6 روپے اضافہ کرکے اسے زیادہ سے زیادہ سطح تک لے گئی تھی۔ چونکہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہر ماہ کے آخری دن تبدیلی کی جاتی ہے اور اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے ان قیمتوں کا اطلاق کیا جاتا ہے تاہم حالیہ اضافہ معمول کے برخلاف مہینے کے اختتام سے قبل ہی لاگو کردیا گیا ہے۔

اپنی تعریف کرنا یا خوشامدی بیان کرنے والے کو پسند کرنا

منیر احمد رڈ

اپنی تعریف کرنا اور اپنی تعریف سننا آج کل ہمارا کام ہوگیا ہے اور دوسروں سے بھی کروانا بڑا فرض سمجھتے ہیں میں نے تو کافی حد تک ایسے لوگ دیکھتے ہیں جو اپنی جھوٹی تعریف ختم کرتے ہیں تو پھر اپنے جھوٹے کارنامے کی تعریف شروع کردیتے ہیں یا پھر اپنے بڑوں کی تعریف شروع کرتے ہیں

تو اپنے آپ سے محبت کرنا عام سی بات ہے اور تقریباً ہر انسان ہی اپنے آپ سے محبت کرتا ہے لیکن یہ بھی درست ہے کہ سب اپنی تعریف خود اپنے منہ سے نہیں کرتے بلکہ ان کی تعریف دوسرے کرتے ہیں مگر دوسروں کی تعریف کرنا یا سننا اس قدر عام نہیں ہے جس قدر اپنی تعریف وتوصیف بیان کرنا یا سننا عام ہے انسان کی یہ فطرت ہے کہ وہ اپنی تعریف اور دوسروں پر تنقید کا شوقین ہوتا ہے

یہی وجہ ہے کہ انسان اپنی تعریف اور دوسروں پر تنقید بڑی آسانی سے کرتا ہے بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ اپنی تعریف اور دوسروں پر تنقید کرنا گویا فرض کی ادائیگی ہے یا پھر پسندیدہ مشغلہ ہے کچھ لوگوں زیادہ جمع ہو اور ساتھ میں گفتگو جاری ہو تو اپنی یا اپنی ذات کا سکہ بٹھانے کے لئے اپنے اور اپنے فرائض کا رعب جمانے کے لئے اپنی صفات وخوبیاں خود ہی بیان کرنا شروع کردیتے ہیں اس پر یہ بھی چاہتے ہیں کہ دوسرے بھی ان کے بیان کی بھرپور تائید وحمایت کریں

بہتر تو یہ ہے کہ انسان اپنی جھوٹی تعریفیں سن کر اور خوش فہمی کا شکار ہوکر اپنے ہی ہاتھوں اپنی ٹھیاڈبو بجانے کی بجائے ایسا طرز عمل اختیار کرے کہ ایسے دوسروں سے اپنی تعریف کروانے کے لئے اپنی تعریفی قصیدہ خود نہ باندھنی پڑے بلکہ نا صرف اس کے سامنے اس کی غیر موجودگی میں بھی لوگ نہ صرف زبانی بلکہ دل سے اس کی تعریف کریں۔

اپنے منہ سے اپنی تعریف بیان کرنا بھی معیوب نہیں خوب ہے جب اپنی تعریف سے بنانے والے کی تعریف مقصود ہو کہ جس تعریف سے یہ بات عیاں ہو کہ تعریف اس خدا کی جس نے سب کچھ بنایا

خوشامد بھی روح کی بیماریوں میں سے ایک ایسی بیماری ہے اگر انسان کو لگ جائے تو اس کو پتہ ہی نہیں چلتا کہ وہ کسی خطرناک بیماری میں مبتلا ہو چکا ہے اس بیماری میں انسان پہلے تو خود اپنی تعریف کرتا ہے پھر دوسروں سے اس کی توقع رکھتا ہے وہ بھی اس کی تعریف کریں

پھر وہ اپنے ایسے دوست احباب رکھتا ہے جو ہر وقت اس کے ہر چھوٹے موٹے کاموں کی بے جا تعریف کرتے رہتے ہیں انسان میں سوچنے سمجھنے اور صحیح فیصلے کرنے کی قوت ختم ہو جاتی ہے تاریخ گواہ ہے جن لوگوں نے خوشامد جیسی بیماریوں کو اپنے دربار میں حصہ بنایا وہ ناکامیوں کے سمندر میں ڈوب گئے اور صرف وہی لوگ کامیاب ہوئے جنہوں نے اپنے آپ کو آپ کو خوشامدی سے بچایا اور مخلص لوگوں کو اپنے قریب میں رکھا

آج لوگوں کو تو خود اپنی تعریف کے پل باندھنا شروع کردیتے ہیں جس کی وجہ سے انسان کے اندر تکبر آجاتا ہے جس انسان میں تکبر آگیا تو سمجھ لو کہ اس کی آخرت تباہ ہوگئی شیطان بھی اسی تکبر کی وجہ سے ہلاک ہوا تھا آج تو ہمارے معاشرے میں جس کو تھوڑا اچھا علم حاصل کیا یا کچھ پیسے حاصل کیا یا تھوڑی قوم اچھی ہے وہ تو ہر وقت اپنے اندر تکبر رکھتا ہے افسوس کہ ہمارے اہل علم حضرات بھی اس تکبر کا شکار ہوچکے ہیں

جب کسی فورم پر تشریف فرما ہوتے ہیں تو خوب ان کے سامنے ان کی تعریف کی جاتی ہے اس مرض میں سرکاری آفیسران سیاسی شخصیات علمی شخصیات ہمارے اساتذہ مذہبی شخصیات بھی شامل ہیں میں بھی پر اس کا اطلاق نہیں کرتا مگر اکثریت اس کا شکار ہوچکی ہے وہ ناسور جو ہمارے معاشرے میں نکامی ڈھانچے کو دیمک بن کر چاٹ جاتا ہے

جسے دیکھو اپنی تعریف کا آدی ہے تعریف میں آدمی اہل کو نااہل اور نااہل کو اہل بنا کر دیتا ہے پھر ہر چیز زوال پر لگ جاتی ہے جس مداوہ کبھی بھی ہوہی نہیں سکتا اپنی تعریف یا خوشامد ایک لعنت ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس سے محفوظ فرمائے اور ہمارے معاشرے سے اس بیماری کا خاتمہ فرمائے اور زبان سے حق اور سچ ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے آمین میرا اس کالم کا لکھنا کا مقصد صرف اپنے اردگرد نظر رکھتے ہوئے ماحول کو حقیقت کے رنگ میں ڈھالنے کی جدوجہد کرنا ہے۔

منشیات ایک فیشن یا ایک زہر

ابوبکر دانش میروانی

منشیات کے خاتمہ کا دن ہے اور اس دن کو دنیا بھر میں منشیات کا عالمی دن کے طور پر مناتے ہیں ریلیاں نکالتے ہیں سیمینارز منعقد کرتے ہیں اور لوگوں کو آگاہی دیتے ہیں مگر اس لعنت کے عادی افراد میں کمی نہیں آتا، اسکا بنیادی وجہ یہ ہے کہ ہمارے معاشرہ میں بہت سے لوگ اس کو فیشن اور شوق سمجھ کر کرتے ہیں، یا بہت سے شوق دوسروں کی نقل یا فیشن کے طور پر اپنائے جاتے ہیں لیکن بعد میں وہ ایسی عادت یا مجبوری بن جاتے ہیں جن کو کوشش کے باوجود چھوڑنا ممکن نہیں رہتا۔ منشیات ان میں ایک ہے جو نہ صرف انسان اور اس کی زندگی بلکہ گھر، معاشرے اور قوم کو تباہ وبرباد کردیتی ہے اسی وجہ سے منشیات کو لعنت کہا جاتا ہے۔ منشیات کے استعمال کی پہلی سیڑھی سگریٹ نوشی ہے، جبکہ پہلے سے نشہ کے عادی افراد بھی منشیات فروشوں کے آلہ کار بن کر دوسروں کو مفت منشیات کی لت لگا کر بعد ازاں انہیں منشیات فروخت کرنے لگتے ہیں۔ منشیات کا استعمال اتنی بری عادت ہے کہ یہ انسان سے جائز وناجائز ہر کام کروالیتی ہے چاہے وہ کسی بے گناہ انسان کا قتل ہی کیوں نہ ہو۔ جبکہ جرائم کے واقعات کو دیکھا جائے تو آدھے سے زیادہ جرائم نشے کی وجہ سے ہوتے ہیں، بیشتر ٹریفک حادثات بھی عموماً اسی باعث رونما ہوتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی ایک رپورٹ کے مطابق اس وقت دنیا بھر میں 15 سے 64 سال عمر کے تقریباً 35 کروڑ افراد منشیات کے عادی ہیں، جبکہ پاکستان میں تقریباً 80 لاکھ سے زائد افراد منشیات کا استعمال کرتے ہیں جن میں 78 فیصد مرد اور 22 فیصد خواتین بھی شامل ہیں۔ اعداد وشمار کے مطابق پنجاب کے 55 اور دیگر صوبوں کے 45 فیصد افراد نشے کے عادی ہیں اور اس تعداد میں سالانہ 5 لاکھ افراد کا اضافہ ہورہا ہے۔ اپر کلاس لوگ آئس کرسٹل، حشیش، ہیروئن کے ساتھ ساتھ مختلف ادویات کا استعمال کرتے ہیں، جبکہ مڈل کلاس کے لوگ فارماسیوٹیکل ڈرگز، شراب، چرس، پان، گٹکا، نسوار اور سگریٹ وغیرہ کا استعمال کرتے ہیں۔ پاکستان میں دہشت گردی کے سبب 70 ہزار سے زائد افراد نے اپنی جانیں قربان کیں لیکن ہر سال پاکستان میں اس سے تین گنا زیادہ ہلاکتیں منشیات کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ منشیات کا زہر ہمارے معاشرے کے مستقبل کو بھی دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے، جہاں منشیات سے 13 سے 25 سال کے نوجوان لڑکے لڑکیاں متاثر ہورہے ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان میں منشیات کے عادی افراد کے علاج کیلئے مخصوص ہسپتالوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہے اور جو موجود ہیں وہاں سہولتیں ناکافی ہیں جبکہ غیر سرکاری طور پر یہ علاج بہت مہنگا پیچیدہ اور طویل ہے۔

ہمارے معاشرے میں کم عمر افراد نشے کو بطور فیشن اپناتے ہیں جبکہ بالغ اور پختہ عمر کے لوگ ذہنی دباؤ اور دیگر امراض سے وقتی سکون حاصل کرنے کیلئے اس لعنت کا سہارا لیتے ہیں۔ ہمارے معاشرے میں پان، نسوار، گٹکا، چھالیہ، سگریٹ جیسی نشہ آور اشیاء کو نشہ تصور ہی نہیں کیا جاتا، جبکہ درحقیقت انہی سے دیگر نشہ آور اشیاء کی طرف رغبت بڑھتی ہے۔ منشیات میں سگریٹ، چھالیہ، نسوار، پان، چرس اور شیشہ وغیرہ کی مقبولیت کے بعد اب آئس نامی مہنگے نشے کا بھی اضافہ ہوگیا ہے جو کہ نوجوان نسل کے لیے زہر قاتل سے کم نہیں۔ نوجوانوں میں سب سے زیادہ استعمال ہونے والا آئس نشہ بہت ہی طاقتور اور اثر پذیر ہے، جس کی ایک خوراک ہی انسان کو اس کا عادی بنادیتی ہے۔ شفاف چینی کے دانوں کی شکل سے ملتے اس نشے کو گلاس یا کرسٹل کا نام سے بھی دیا جاتا ہے، جو کہ ایکسپائر ہوجانے والی ادویات بیراستامول، پیناڈول، وکس، اور نزلہ وزکام کی دیگر ادویہ سے ایفیڈرین اور ڈیکسٹرو میتھارفن نکال کر تیار ہوتا ہے۔ ماہرین نفسیات کے مطابق آئس کے استعمال کے اثرات انتہائی تباہ کن ہیں، جس سے انسان کا حافظہ کمزور ہوجاتا ہے اور یہ اعصابی امراض کے ساتھ گردوں اور جگر کے لیے بھی انتہائی مہلک ہے۔ بدقسمتی سے اس نشے کا استعمال تعلیمی اداروں میں بھی فروغ پا رہا ہے، جہاں اسکول کالج اور جامعات کے لڑکے لڑکیاں اس کے استعمال کی وجہ سے ذہنی اور جسمانی معذوری کے ساتھ ساتھ حلق کی خرابی، جگر کی خرابی، امراض قلب، قلت عمر، معدہ کے زخم، فاسد خون، جنس کی خرابی، کھانسی، سردرد، بے خوابی، دیوانگی، ضعف اعصاب، فالج، ٹی بی، بواسیر، دائمی قبض، گردوں کی خرابی جیسی مہلک بیماریوں میں مبتلا ہورہے ہیں۔ اسی طرح لڑکیاں سگریٹ کے علاوہ نشہ آور چیونگم کا استعمال کررہی ہیں، فلیتو نام چیونگم تھائی لینڈ اور یورپ سے منگوائی جاتی ہے یہ چیونگم 500 سے 1200 روپے میں فروخت کی جاتی ہے۔ ان حالات میں ضرورت اس امر کی ہے کہ ہنگامی اقدامات کرتے ہوئے مختلف نشہ اور اشیاء کے استعمال پر قابو پایا جائے تاکہ ملک سے منشیات کی لعنت کا خاتمہ اور قوم کا مستقبل کو محفوظ ہوسکے۔

افسوس کا مقام یہ ہے کہ معاشی اصلاح کا علم اٹھانے والی سماجی تنظیموں اور سیاسی جماعتوں کی طرف سے منشیات سے پاک معاشرہ تشکیل دینے کی سمت میں کوئی ٹھوس اور موثر اقدام نہیں اٹھایا جارہا۔ پاکستان میں انسداد منشیات کے قوانین پر عملدرآمد کروانے کیلئے اینٹی نارکوٹکس فورس، ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن، پولیس، ایف آئی اے، کسٹم، فرنٹیئر کانسٹبلری، ایئرپورٹ سیکورٹی فورس اور دیگر ادارے تو موجود ہیں لیکن ان کے مابین رابطوں کے فقدان کی وجہ سے منشیات کی روک تھام میں اب تک واضح کامیابی نہیں مل پائی۔ حکومت کو چاہیے کہ وہ معاشرے سے منشیات کی لعنت ختم کرنے کے لیے اینٹی نارکوٹکس کو مزید فعال بنائے اور اس گھناؤنے دھندے میں ملوث افراد کے خلاف سخت کارروائی کرکے ان ضمیر فروشوں کو نشان عبرت بنایا جائے۔ حکومت کے ساتھ ساتھ والدین اور اساتذہ کو بھی چاہیے کہ وہ بچوں پر نظر رکھیں کہ وہ کن لوگوں میں اٹھتے بیٹھتے ہیں اور ان کے مشاغل کیا ہیں۔ ملک کی سماجی ورفاہی تنظیموں، جماعتوں، ذرائع ابلاغ سے وابستہ افراد، ڈاکٹرز و طبی امور سے وابستہ افراد کی بھی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ معاشرے سے منشیات کی لعنت کے خاتمے کے لیے اپنی سطح پر اور اپنے دائرہ کار میں مکمل کوشش کریں۔ میڈیا کے وسائل کو نشہ کے خلاف ذہن سازی کے لیے استعمال کیا جائے۔ اس کے علاوہ ہماری نوجوان نسل کو صحت مند سرگرمیوں کی ضرورت ہے، ان کو بنیادی سہولیات، کھیلوں کے میدان اور مواقع فراہم کیے جائیں تاکہ وہ اپنی صلاحیتیں مثبت سرگرمیوں میں مصروف کرسکیں۔ نوجوان نسل میں شعور اجاگر کیا جائے کہ وہ نشے کو کبھی مذاق میں بھی استعمال نہ کریں اور نہ ہی کسی نشہ کرنے والے یا بیچنے والے شخص کے ساتھ دوستی کی جائے۔ کیونکہ جب آپ ایک مرتبہ کسی منشیات فروش یا استعمال کرنے والے شخص کے چکر میں پھنس کر نشے کے عادی بن جاتے ہیں تو پھر ساری زندگی اس کی بھاری قیمت چکانا پڑتی ہے جو کہ تباہی وبربادی پر منتج ہوتی ہے۔

بلوچستان کی نااہل حکومت اور طلباء وطالبات آمنے سامنے

نعیم بلوچ
naeembaloch611@gmail.com

جیسا کہ آپ سب جانتے ہیں کہ آن لائن کلاسز جو کہ ایچ ای سی کی جانب سے بغیر انٹرنیٹ کرائی جارہی ہیں بلوچستان میں انٹرنیٹ ودیگر سہولیات نہ ہونے کے برابر ہیں جس پر طلباء وطالبات سہولیات کے بغیر آن لائن کلاسز کے خلاف سراپا احتجاج ہیں

گزشتہ روز جب طلباء وطالبات اپنے جائز مطالبات کے لیے کوئٹہ میں پرامن احتجاج کررہے تھے تو کوئٹہ پولیس کی جانب سے لاٹھی چارج اور گرفتاریاں کی گئی جسمیں طلباء کے ساتھ ساتھ طالبات کے ساتھ بھی بدتمیزی کی گئی انہیں گھسیٹ کر گاڑیوں میں بٹھایا گیا

جو کہ حکومت بلوچستان کے لیے شرم کا مقام ہے اور بلوچستان کی روایات کے بھی برعکس اس کے ساتھ ساتھ یہ سب کو پتہ ہے کہ آئین کبھی کسی بھی قانون نافذ کرنے والے ادارے کو یہ حق نہیں دیتا کہ کسی پرامن احتجاج کرنے والے پر لاٹھیاں برسائے لیکن بلوچستان میں قانون نام کی کوئی چیز ہی نہیں اور ہماری حکومت بھی نااہل ہے

گرفتاریوں کے ردعمل میں مختلف مکتبہ فکر کے لوگوں کا بلوچستان اسمبلی کے سامنے دھرنا جاری تھا جسمیں ہم خود بھی شامل تھے طلباء وطالبات کو ذلیل وخوار کرکے پھر ایک حکومتی مذاکراتی کمیٹی دھرنے میں آپہنچی اور گرفتار طلباء وطالبات کو رہا کردیا

تھوڑی ہی بعد وزیراعلیٰ کی طرف سے ایک ٹویٹ کیا گیا کہ ایس پی کوئٹہ کو برطرف کردیا گیا ہے اور طالبات کے ساتھ ناروا سلوک کرنے والی لیڈی کانسٹیبل کے خلاف بھی کارروائی کی جائیگی

اب یہ ہوگیا آج کا قصہ گرفتاری رہائی ایس پی کی برطرفی وغیرہ لیکن طلباء وطالبات کا جو اصل مسئلہ ہے وہ ابھی تک حل کی طرف نہیں گیا جس پر حکومت اور ایچ ای سی بلکل خاموش ہیں آن لائن کلاسز کے حوالے سے نہ سہولیات دی جارہی ہیں اور نہ ہی یہ غیر منصفانہ فیصلہ واپس لیا جارہا تو اس کے خلاف یہ احتجاج تو جاری رہیگے

حکومت کو چاہیے اصل مسئلے کا حل نکالا جائے جو آن لائن کلاسز ہے بغیر سہولیات کے اسکے حل کی اشد ضرورت ہے

اور وقت کی اہم ضرورت ہے کہ اس پر تمام سیاسی و سماجی تمام طلباء تنظیمیں باشعور طلباء وطالبات کو پہلے آپس میں اتحاد کی اشد ضرورت ہے

خضدار سماجی رہنما اور چیئرپرسن الفواد فاؤنڈیشن میڈم فرزانہ سحر جاموت نے طلبہ وطالبات کی گرفتاری پر مذمت کرتے ہوکہا ہے کہ طلباء وطالبات کا ایچ ای سی کے خلاف احتجاج بلکل بجا اور حقیقت پر مبنی ہے۔

بلوچستان میں 70 بجلی نہیں ہے اور کچھ اضلاع میں انٹرنیٹ پر پابندی بھی ہے تو بلوچستان کے طلبا کیسے آن لان کلاسسز لے سکتے ہیں۔ سماجی رہنما کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کو چاہیے تھا کہ طلباء کے احتجاج کی حمایت کرتی اور ایچ ای سی سے رابطہ کرتی مگر مسئلے کو حل کرنے کی بجائے طلباء وطالبات پر تشدد پر اتر آئی جو ایک افسوس ناک اور شرمناک عمل ہے۔ طالبات کی اس طرح گرفتاری بلوچی روایات کی اس طرح پامالی تمام اخلاقی اقدار کی پامالی ہے۔

ریلوے محنت کش یونین کا اہم اجلاس زیر صدارت محمد یونس سولنگی منعقد ہوا

سبی (ریئس علی بانھی)

ریلوے محنت کش یونین کا اہم اجلاس زیر صدارت محمد یونس سولنگی منعقد ہوا جلاس میں حالیہ بجٹ 2021.2020 میں ملازمین کو نظر انداز کرنے تنخواہوں میں عدم اضافہ ریلوے میں ملازمین کی چھانٹیوں کے خلاف ریٹائرڈ ملازمین کے واجبات فیملیور اداک جائیں اور کنٹریکٹ۔ ٹی ایل اے ملازمین کو پکا کیا جاجا اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ڈویژن کی کال پر 27 جون احتجاجی مظاہرہ کیا جاگا اجلاس میں چیرمین لعل محمد گوپانگ سینئر نایب صدر میر محمد اسماعیل ڈنڈر عبدالرزاق جاموت ملک علی احمد بنگلو مولا بخش سہریانی محمد حسین ڈنڈر غوث بخش لغاری طارق علی سولنگی عبالعلیم غلام فرید محمد جاوید خالد احمد عبدالصمد کھوکھر تسلیم احمد یوسفزو دیگر نے شرکت کی

66 طلباء وطالبات گرفتار

بلوچستان کے طلباء سے ناروا سلوک کیوں نوجوان طبقہ اور بالخصوص طلباء کسی بھی ملک کا قیمتی اثاثہ ہوتے ہیں۔ پاکستان نوجوانوں ترقی پذیر ملک ہے۔ اور نسل نو سے وطن عزیز کا مستقبل وابستہ ہوتا ہے۔

کسی بھی ملک کی ترقی کا انحصار بھی نوجوانوں پر ہوتا ہے

خبر سے خبر تک
شیخ فرید
farooqpa1963@gmail.com

مگر بدقسمتی سے ہمارے نوجوانوں قیام پاکستان سے لیکر عصر حاضر تک گوناں گوں مشکلات کا سامنا رہا ہے۔ اگرچہ حکومتی سطح پر نوجوانوں کی اصلاح اور بہبود کیلیے متعدد منصوبوں پر عمل ہوتا رہا ہے جس کے خاطر خواہ نتائج بھی مشاہدے میں آئے۔ اور طلباء کماحقہ مستفید بھی ہوتے رہے ہیں۔

طلباء کو تعلیمی سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلیے ہر دور میں اقدامات کیئے جاتے رہے ہیں۔

تاہم موجودہ "کرونا" کی وباء کی گھمبیر صورت حال کے پیش نظر ملک بھر میں لاک ڈاؤن کیا گیا تو تعلیمی اداروں کو بھی بند کردیا گیا۔ بعدازاں حکومتی پالیسی کے مطابق تعلیم وتدریس کے عمل۔ کو جاری رکھنے کیلیے انٹرنیٹ پر "آن لائن" تعلیم کا آغاز کیا گیا مگر بلوچستان میں یہ عمل تعطل کا شکار رہا اس کی وجہ بلوچستان میں بجلی کی غیر اعلانیہ کئی کئی گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ اور طلباء کے پاس انٹرنیٹ کی عدم سہولیات ہے۔

بلوچستان بھر میں طلباء نے آن لائن تعلیمی سلسلے کے خلاف احتجاج کا عمل شروع کررکھا ہے۔

آن لائن کلاسز کیخلاف احتجاج کرنے والے طلباء اور طالبات کو گرفتار کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں بلوچ سٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی اور بلوچ کونسل قائد اعظم یونیورسٹی پر مشتمل بلوچ طلباء الائنس کے زیر اہتمام بلوچستان میں انٹرنیٹ کی بندش اور ایچ ای سی کی جانب سے آن لائن کلاسز کے اجراء کیخلاف احتجاجی ریلی نکلے شرکاء کو گرفتار کرکے تھانہ منتقل کردیا گیا۔

کوئٹہ میں آن لائن کلاسز کے خلاف اور انٹرنیٹ بحالی کے لیے احتجاج کرنے والے طلبہ میں سے بڑی تعداد کو پولیس نے حراست میں لے لیا ہے۔

سٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے رہنما عزل خان کے مطابق احتجاج کرنے والے طلبہ میں سے 60 کو پولیس نے کوئٹہ پریس کلب کے قریب حراست میں لیا ہے۔

ایک خبر کے۔ مطابق وزیراعلیٰ بلوچستان جام کمال نے ایکشن لیتے ہوئے طلباء وطالبات کو گرفتار کرنے پر ایس پی کوئٹہ سٹی پولیس کو ان کے عہدے سے ہٹادیا گیا ہے۔ اور اس غلط ہینڈلنگ کی وجہ سے لیڈی کانسٹیبل کے خلاف بھی مناسب کارروائی کی جائے گی۔

دوسری طرف پاکستان یوتھ چیں موومنٹ پارٹی کے ضلعی کوئٹہ کے صدر عبدالحمید کاکڑ نے کوئٹہ میں طلبہ کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے

پاکستان یوتھ چیں موومنٹ نے طلبہ کی فوری رہائی کا مطالبہ کیا ہے۔ حمید کاکڑ کا۔ کہنا ہے کہ پرامن احتجاج کے حق کو آئینی تحفظ حاصل ہے

حکومت میں آوازوں کو کچلنے کی من مانی ایک معمول بن چکی ہے۔

ذرائع کے مطابق وفاقی حکومت نے اصولی فیصلہ کیا کہ جامعات مزید بند نہیں رکھی جائیں گی، ایچ ای سی جامعات سے مل کر اپنی پالیسی خود بنائے گی، اجلاس کے دوران چیئرمین ایچ ای سی نے جامعات سے سفارشات طلب کرلیں، ایس او پیز کے ساتھ جامعات کھولی جائیں گی، ذرائع نے بتایا ہے کہ جامعات میں تدریسی عمل عید کے بعد بحال ہوگا تاہم 15 جولائی کے بعد کیمپس عملی طور پر کھول دیئے جائیں گے جس کے بعد حفاظتی اقدامات، کورونا سے بچاؤ کے لیے ڈس انفیکشن اسپرے سمیت دیگر انتظامات کیے جائیں گے۔ 15 جولائی سے ٹیسٹنگ ڈرل کا انعقاد بھی عمل میں لایا جائے گا تاہم باقاعدہ کلاسز کا آغاز عید کے بعد 3 اگست سے شروع ہونے کا امکان ہے۔ اچھی خبر یہ ہے کہ صوبائی وزیر تعلیم بلوچستان سردار یار محمد رند نے میڈیا، سوشل میڈیا پر چلنے والی خبروں کا نوٹس لیتے ہوئے 27 اضلاع کے بجائے بلوچستان کے تمام اضلاع میں ایجوکیشن سٹی بنانے کی ہدایات جاری کردی۔

صوبہ بلوچستان کے لئے اسکول دوبارہ کھولنے کے لئے ایس او پیز لائحہ عمل مرتب کر لیا ہے۔ حکومت کا۔ کہنا۔ ہے کہ اسکولوں کے اوقات کار تین گھنٹے ہوگے۔ محکمہ سکول ایجوکیشن نے سکول کھولنے کے ایس او پیز اور تجاویز پر کام شروع کردیا جس کے تحت سکولوں کے اوقات کار تین گھنٹے کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔

حکام محکمہ سکول ایجوکیشن کے مطابق کورونا وائرس کے باعث بند سکولوں کو ایس او پیز کے تحت کھولنے کے لیے تجاویز پر کام شروع کردیا گیا ہے اور پہلے مرحلے میں نویں اور دسویں جماعت کے طلبہ کو سکول بلانے کی تجویز زیر غور ہے جبکہ دوسرے مرحلے میں آٹھویں اور پانچویں جماعت کے طلبہ کو سکول بلانے کی تجویز دی گئی ہے۔

خبر ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی کوئٹہ میں طلبہ کی گرفتاری کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ پاکستان پیپلز پارٹی طلبہ کی فوری رہائی کا مطالبہ کرتی ہے، چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے اپنے ٹویٹر پیغام میں مزید کہا کہ پرامن احتجاج کے حق کو آئینی تحفظ حاصل ہے، اس حکومت میں آوازوں کو کچلنے کی من مانی ایک معمول بن چکی ہے، خبر یہ بھی ہے کہ گورنر بلوچستان امان اللہ خان یاسین زئی نے کہا کہ دنیا میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی اور روزمرہ زندگی پر اسکے گہرے اثرات کے تحت میں چیزوں کو دیکھنے، پرکھنے اور جانچنے کے زاویے اور پیمانے بدل گئے ہیں۔ ان جدید تحقیق وتحقیق سے بھرپور استفادہ کرکے ہی ہم صوبے بھر کے اعلیٰ تعلیمی اداروں میں محتمند ماحول کو فروغ دینے، تعلیمی معیار کو اونچا کرنے اور درس وتدریس کے طریقہ کار کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے میں کامیاب ہوجائینگے۔ گورنر یاسین زئی نے کہا کہ ہم جان لیوا کرونا وائرس کے باعث صوبے کی تمام سرکاری یونیورسٹیوں میں جاری آن لائن کلاسوں کا بغور جائزہ لے رہے ہیں، بہت جلد تمام وائس چانسلرز صاحبان اور دیگر متعلقہ ذمہ داران کی تجاویز اور مشاورت کے بعد آن لائن کلاسوں کے حوالے سے حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کے روز گورنر ہاؤس کوئٹہ میں صوبہ بلوچستان کی تمام یونیورسٹیوں کے وائس چانسلرز اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر یونیورسٹی آف بلوچستان کے وائس چانسلر ڈاکٹر شفیق الرحمن، خضدار انجینئرنگ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ، بولان میڈیکل یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر نجیب اللہ اچکزئی، لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر دوست محمد بلوچ، لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مقصود احمد، میر چاکر خان یونیورسٹی سبی کے وائس چانسلر ڈاکٹر علی نواز مینگل، بیوٹمر یونیورسٹی کے پرو۔ وائس چانسلر ڈاکٹر فیصل کاکڑ اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان نصراللہ جان موجود تھے۔ وائس چانسلرز اجلاس میں عالمی وباء سے پیدا ہونے والی صورتحال، انٹرنیٹ سہولت کی دستیابی اور اسٹوڈنٹس کو درپیش مشکلات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا اور اجلاس میں موجود شرکاء کی تجاویز اور سفارشات کے نتیجے میں کئی اہم فیصلے کیے گئے۔

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

ONLINE

سرکاری ملازمین کے ساتھ کھڑے ہیں تنخواہوں میں اضافہ کیا جائے۔ شہباز شریف

میرا سوہنا سید بچھڑ گیا

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

میری فرانسفر لاہور ہوئی تو میں نے انسان کا ایک نیا روپ دیکھا 'مری میں قیام کے دنوں میں چار پانچ ہزار لوگوں کا روزانہ کا مجمع' مقامی لوگ میرے ساتھ ہوتے' میری ٹرانسفر پر وہ بہت اداس ہوگئے میں بھی اداس ہوگیا میرا دل بلکل نہیں تھا مری کو چھوڑوں' کوہ مری کے شب وروز نے میری تکمیل کی' مجھ فقیر قطرے کو سمندر سے ملنے کا راستہ دکھایا میرے تبادلے کا جب لوگوں کو پتہ چلا تو لاہور سے میرے دوست آگئے' ٹرک کھڑا کردیا کہ میں خود سامان لے کر جاؤں گا' مقامی لوگوں اور جانثاروں کے اداس چہرے دیکھ کر میرا بھی شہر چھوڑنے کو دل نہیں کررہا تھا ایک ہفتہ ٹرک کھڑا رہا میرا دوست بضد کہ میں خود سامان لے کر جاؤں گا آخر کار میرا سامان دوستوں نے روتے دھاڑیں مارتے بچوں کی طرح پکتے لوڈ کرایا اداس تھے کہ میں اُن کا شہر چھوڑ کر لاہور جارہا ہوں میں بھی ان کے ہجر میں آنسو بہا رہا تھا پھر ہزاروں اہل مری کی محبتوں کے پھول دامن میں سمیٹے میں لاہور آگیا یہاں میں پردیسی تھا مجھے کوئی نہیں جانتا تھا میں مری میں اپنے آباؤ گلشن کو اجاڑ کر ویران کرکے آگیا تھا میں سوچ رہا تھا کہ مری کے ہنگامے ہزاروں کا رش د

شال بقیہ 1

انصاف کے اراکین نے اپنے حلقوں کے مسائل حل نہ ہونے اور ترقیاتی فنڈز روکے جانے پر وزیراعظم کے سامنے شکایات کے انبار لگا دیئے اور کہا کہ ان کے حلقوں میں کام نہیں ہو رہے جس کی وجہ سے ان حلقوں کی عوام حکومت پر کڑی تنقید کر رہی ہے اس لئے جلد از جلد ترقیاتی فنڈز جاری کئے جائیں جس پر وزیراعظم عمران خان نے کہا کہ کورونا کی وباء کی وجہ سے معیشت پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں معاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے ایک حکمت عملی کے تحت کام کر رہے ہیں معیشت پر بوجھ بڑھنے کی وجہ سے ترقیاتی فنڈز روکے گئے مگر صورتحال میں بہتری آتے ہی اراکین کو فنڈز جاری کر دیئے جائینگے۔ ان کا کہنا تھا کہ حکومت نے کورونا وباء کی وجہ سے متاثر غریب طبقے کی طرف خصوصی توجہ دی اور احساس پروگرام کے تحت ایک کروڑ بیس لاکھ خاندانوں میں سوا ارب سے زیادہ تقسیم ہو چکے ہیں لوگوں کو چاہیے کہ وہ احتیاطی تدابیر اپنائیں تاکہ اس وباء کو پھیلنے سے روکا جاسکے پارٹی کے اندر تقسیم اور اختلافات کی تردید کرتے ہوئے وزیراعظم نے کہا کہ پارٹی متحد ہے اور کسی قسم کی کوئی تقسیم نہیں ہے اگر کوئی اپنی رائے کا اظہار کرتا ہے تو یہ اس کا حق ہے مگر جو لوگ اہم عہدوں پر فائز ہیں انہیں چاہیے کہ وہ ایسے بیانات دیتے ہوئے احتیاط کریں جس سے اختلافات کا تاثر جائے انہوں نے اراکین کو ہدایت کی کہ وہ بجٹ منظوری کے دوران ایوان میں موجود رہیں اور اپوزیشن کی بجٹ پر ترامیم اور کٹوتی کی تحریک کو ناکام بنائیں۔

شال بقیہ 2

قیمت 15.80 روپے سے بڑھا کر 46.101 روپے فی لیٹر، مٹی کے تیل کی قیمت 56.35 روپے سے بڑھا کر 06.59 روپے فی لیٹر اور لائٹ ڈیزل آئل کی قیمت 14.38 روپے سے بڑھا کر 98.55 روپے فی لیٹر کر دی گئی ہے۔ گزشتہ ماہ حکومت نے عالمی سطح پر خام تیل کی قیمتوں میں غیر معمولی کمی کے بعد ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 12 روپے تک کمی کی تھی۔ تاہم پیٹرولیم مصنوعات میں کمی کے باوجود اس کی عدم دستیابی کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ وزیراعظم کی ہدایت پر وزارت پیٹرولیم و قوانائی نے مارکیٹنگ کمپنیوں کی جانب سے پیٹرول کی مصنوعی قلت پیدا کرنے کی تحقیقات کا آغاز کی بھی کیا۔ علاوہ ازیں حکومت نے گزشتہ ماہ بھی عالمی سطح پر پیٹرولیم کی کم ہونے والی قیمتوں کا پورا فائدہ عوام تک نہیں پہنچایا تھا اور پیٹرولیم لیوی میں 6 روپے اضافہ کر کے اسے زیادہ سے زیادہ سطح تک لے گئی تھی۔ واضح رہے کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں ہر ماہ کے آخری دن تبدیلی کی جاتی ہے اور اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے ان قیمتوں کا اطلاق کیا جاتا ہے تاہم حالیہ اضافہ معمول کے برخلاف مہینے کے اختتام سے قبل ہی لاگو کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 3

کورونا وائرس کے مزید 2 ہزار 775 کیسز رپورٹ ہوئے جس کے بعد متاثرہ افراد کی تعداد ایک لاکھ 95 ہزار 745 ہو گئی۔ ملک بھر میں کورونا سے متاثرہ 84 ہزار 168 مریض صحت یاب ہو گئے۔ پاکستان کے صوبہ پنجاب میں کورونا کے اب تک 71 ہزار 987 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ سندھ میں 75 ہزار 168، خیبر پختونخوا میں 24 ہزار 303، بلوچستان میں 9 ہزار 946، اسلام آباد میں 11 ہزار 981، آزاد کشمیر میں 962 اور گلگت بلتستان میں ایک ہزار 398 کیسز رپورٹ ہو چکے ہیں۔ کورونا وائرس کے باعث سب سے زیادہ اموات پنجاب میں ہوئی ہیں جہاں ایک ہزار 629 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں۔ سندھ میں ایک ہزار 178، خیبر پختونخوا میں 879، اسلام آباد میں 119، گلگت بلتستان میں 23، بلوچستان میں 109 اور آزاد کشمیر میں 25 افراد کورونا وائرس سے جاں بحق ہو چکے ہیں۔ ملک بھر میں 24 گھنٹوں کے دوران 21 ہزار اسٹاکیس ٹیسٹ کیے گئے جب کہ مجموعی طور پر 11 لاکھ 93 ہزار سترہ ٹیسٹ کیے جا چکے ہیں۔ گذشتہ چار روز کے دوران وفاقی دارالحکومت کے سرکاری ہسپتالوں میں 189 آکسیجن بیڈز کا اضافہ کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 4

گا، حکومت خود فیصلہ کرتی نہیں اور ہائی کورٹ کے فیصلے چیلنج کرتی ہے، پاکستان میں ادویات سازوں کا بہت بڑا مافیا ہے، کیا وفاقی کابینہ نے ادویات کی قیمتوں سے متعلق کوئی فیصلہ کیا؟ ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آخر کر کیا رہی ہے۔ معاملے کی سماعت چیف جسٹس کی سربراہی میں دو رکنی بینچ نے کی۔ جسٹس اعجاز الاحسن نے ایک موقع پر ریمارکس دیئے کہ لگتا ہے ٹاسک فورس فیصلہ کرنے کے بجائے معاملے پر بیٹھ ہی گئی ہے، ڈریپ بروقت فیصلہ نہ کرے تو مقررہ مدت کے بعد از خود قیمت بڑھ جاتی ہے۔ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے اس موقع پر عدالت کو بتایا معاملہ کابینہ نہیں ٹاسک فورس کو بھیجا گیا تھا، کئی کمپنی نے ہاسکوپان نامی دوائی مارکیٹ سے غائب کر رکھی ہے، دوائی کی قیمت پوری نہ ملے تو مارکیٹ سے غائب کر دی جاتی ہے، کئی کمپنی نے آٹھ دوائیوں کی قیمت بڑھائی، ڈریپ نے ایکشن لیا تو سندھ ہائی کورٹ نے حکم امتناع دے دیا، عدالتی عملے نے اس موقع پر بتایا کہ کئی کمپنی کے وکیل دوسری عدالت میں مصروف ہیں۔ بعد ازاں معاملے کی سماعت سوموار تک کے لئے ملتوی کر دی گئی ہے۔

شال بقیہ 5

ادا کرے کرے تو وائرس کا پھیلاؤ روکنے میں خاطر خواہ کامیابی ہو سکتی ہے۔ سد عمر نے کہا کہ 30 مئی کو نیشنل کمانڈ اینڈ آپریشن سینٹر (این سی او سی) سے جاری ہدایات میں ماسک پہننا لازمی قرار دیا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایجنسیز کے ذریعے بھی کورونا وائرس سے متعلق معلومات حاصل کی جاتی ہیں اور یہ نظر آ رہا ہے کہ بہت سارے لوگ حفاظتی اقدامات پر عمل کر رہے ہیں اور تمام صوبوں میں بے تحاشا انتظامی کارروائی بھی کی گئی ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ ملک میں مئی کیوسط سے اسمارٹ لاک ڈاؤنز شروع ہو گئے تھے، 4 جون سے اس مہم میں تیزی آئی تھی اور 14 جون کو ہم نے 20 بڑے شہروں میں ہاٹ اسپاٹس یعنی وہ علاقے جہاں وبا کا پھیلاؤ تیز تھا، کی نشاندہی کی اور پھر صوبوں نے اپنے اقدامات کیے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ یہ حکومتی اقدام ہیں لیکن ساتھ ہی جب کیسز بڑھے تو لوگوں میں بھی احساس ذمہ داری آیا اور انہوں نے سماجی فاصلہ رکھنے، ہاتھ دھونے اور ماسک پہننے کے حوالے سے احتیاط کرنی شروع کی۔ اپنی بات جاری رکھتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس کی وجہ سے ہمیں وائرس کے پھیلاؤ میں جو خطرہ نظر آ رہا تھا اس میں بہتری نظر آئی لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ خطرہ ٹل گیا ہے بلکہ یہ یاد دہانی کروائی ہے کہ اگر ہم صحیح اقدامات کریں گے تو اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے گا لیکن نہیں کریں گے تو حالات خراب ہو سکتے ہیں۔ اسد عمر نے ایک ہفتے بعد ہم ان اقدامات کے اثرات کا جائزہ لے کر انہیں برقرار رکھنے یا اس میں بہتری اور 31 جولائی تک متوقع صورتحال سے متعلق بتائیں گے۔ وزیر منصوبہ بندی نے کہا کہ یہ ہر شخص کے اختیار میں ہے کہ بطور قوم اگر ہم ڈاکٹرز کی ہدایات پر عمل کریں گے، ماسک پہنیں گے، فاصلہ رکھیں گے اور ہاتھ دھوئیں گے تو مرض کا پھیلاؤ ایسا نہیں ہوگا جہاں پر ہمارا صحت کا نظام مفلوج کر دے۔ انہوں نے کہا کہ 2 ہفتے ایسے آئے تھے کہ بڑے شہروں کے بڑے ہسپتالوں پر دباؤ بہت زیادہ بڑھ گیا تھا اس کے ساتھ ہی ہم نے فیصلہ کیا تھا کہ وفاقی حکومت جون کے آخر تک ہسپتالوں میں براہ راست ایک ہزار آکسیجن بیڈز فراہم کرے گی اور جولائی تک 2 ہزار سے زیادہ بستروں کا اضافہ کیا جائے گا جس پر عمل کیا جا رہا ہے۔ اسد عمر نے کہا کہ ایک طرف نظام صحت کی صلاحیتوں میں اضافہ کیا جا رہا ہے اور دوسری طرف حفاظتی تدابیر، انتظامی اقدامات کے باعث صحت کا نظام مفلوج ہوتا نظر نہیں آ رہا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نظام صحت میں کام کرنے والے ورکرز، نرسز، پیرا میڈیکس اور ڈاکٹرز جو ہمارے لیے اتنے مشکل وقت میں کھڑے ہیں، قوم کی خدمت کر رہے ہیں، کوشش کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 6

زئی نے وفد پر زور دیا کہ وہ صنعت و تجارت سے وابستہ خواتین کی تعداد کے ساتھ ساتھ انکے استعداد کار بڑھانے پر بھی اپنی بھرپور توجہ مرکوز رکھیں تاکہ جدید مہارتیں سیکھانے سے غریب اور متوسط طبقے کی خواتین اپنی آمدنی میں اضافہ کی نئی راہیں متعین کر سکیں۔ ملاقات کے دوران سونیا بلوچ نے گورنر بلوچستان کو صوبے میں تجارت پیشہ خواتین کے مسائل و مشکلات سے آگاہ کیا، گورنر یاسین زئی نے انکے مسائل و مشکلات کو غور اور توجہ سے سنا اور انکے پائیدار حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

شال بقیہ 7

معائنہ کیا، وچ ونی سنجاوی میں حاجی نصر الدین، حاجی جان محمد ٹھیکیدار، سعد اللہ ترین نے مختلف پارٹیوں سے مستعفی ہو کر صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کی قیادت میں بلوچستان عوامی پارٹی میں شمولیت کا اعلان کیا اس موقع پر ملک لاجور ترین، عبدالناصر ترین اور دیگر قبائلی معززین بھی موجود تھے، صوبائی وزیر نے گرڈ اسٹیشن کے تعمیراتی کام، اسپورٹس اسٹیڈیم کے کام کو بروقت مکمل کرنے کی ہدایت کی اور کہا کہ ترقیاتی کاموں میں ناقص میٹیریل کو ہرگز برداشت نہیں کریں گے، عوام کے پیسوں کو ضائع نہیں کریں گے، ترقیاتی کام عوام کی امانت ہے اس میں سست روی کو برداشت نہیں کریں گے انہوں نے افسران کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ترقیاتی کاموں کو معیار کے مطابق مکمل کیا جائے، غیر معیاری کام کو ہرگز قبول نہیں کریں گے، جو بھی کام غیر معیاری ہوگا ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ سنجاوی تا لورالائی روڈ عوام کا دیرینہ مطالبہ تھا جس کی تکمیل سے عوام کی مواصلات کے حوالے سے مشکلات کا خاتمہ ہوگا، اپنے حلقے میں بلیک ٹاپ روڈوں کی تعمیر مرمت کا جال بچھا دیا گیا ہے، عوام مطمئن رہے کسی بھی علاقے اور قوم کو ترقی کے حوالے سے نظر انداز نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کی جوق در جوق بلوچستان میں شمولیت ہماری بہتر کارکردگی کا منہ بولتا ثبوت ہے صوبائی وزیر نے نئے شامل ہونے والوں کو مبارکباد دیتے ہوئے یقین دلایا کہ وہ ان کے اعتماد پر پورا اتریں گے۔

شال بقیہ 8

ہے، پاکستان اپنی سالمیت اور زمین کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے۔ تشدد کے خلاف عالمی دن اور کشمیر میں بھارتی انتہا پسندی کے عنوان سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت نے 4 دہائیوں سے مقبوضہ کشمیر میں ظلم کی انتہا کر رکھی ہے بھارتی مظالم کے خلاف کشمیری عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں کشمیری عوام کی سفارتی حمایت جاری رکھیں گے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ 1990 سے کشمیر میں بھارتی مظالم میں بے پناہ اضافہ ہوا۔ بھارتی سیکیورٹی فورسز انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہی ہیں پاکستان بھارت کا مکروہ چہرہ عالمی برادری کے سامنے بے نقاب کرتا رہے گا۔ 1990 سے اب تک لاکھوں کشمیری نوجوانوں کا قتل عام کیا گیا، بھارت کشمیری نوجوانوں کا ماورائے عدالت قتل کر رہا ہے۔ کورونا اور طویل لاک ڈاؤن کے باعث کشمیری عوام کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ ہوا۔ کورونا وائرس اور لاک ڈاؤن کے باوجود کشمیریوں کا قتل عام جاری ہے، بھارتی افواج لائن آف کنٹرول پر نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ بھارت اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کا مرتکب ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان بھارت کے ساتھ تمام تنازعات کا پرامن حل چاہتا ہے پاکستان علاقائی سلامتی اور خودمختاری کا تحفظ کرنا جانتا ہے۔ آر ایس ایس کی ہندتوا سوچ خطے کے امن کیلئے خطرہ ہے، 5 اگست کے بعد سیکورٹی کونسل کے اجلاسوں میں مسئلہ کے حل کی ضرورت پر زور دیا گیا بھارت ایل او سی پر بلا اشتعال فائرنگ سے معصوم شہریوں کو نشانہ بنا رہا ہے پاکستان نے بھارتی پائلٹ اہیننندن کو واپس کر کے قومی تصادم کو روکا آر ایس ایس کی ہندتوا سوچ خطے کے امن کے لئے خطرہ ہے عالمی برادری مقبوضہ وادی کے زمینی حقائق کا جائزہ لے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان اپنی سالمیت اور زمین کے دفاع کی بھرپور صلاحیت رکھتا ہے کشمیر کا مسئلہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حل ہونا چاہیے۔

شال بقیہ 9

کے ساتھ جمعہ کی صبح یہاں ملاقات کے دوران بات چیت کر رہے تھے۔ ملاقات میں دوطرفہ دلچسپی کے امور پر گفتگو ہوئی۔ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے ایک حقیقی بھائی کی طرح پاکستان کی مسلسل اور غیر متزلزل حمایت پر چین کی تعریف کی۔ انہوں نے چین کے سفیر کو کورونا وائرس کی عالمگیر وبا کے تناظر میں پاکستان میں وبا کے معاشی اور سماجی بالخصوص معاشرے کے سب سے کمزور طبقات پر اثرات کم کرنے کیلئے حکومت کی جانب سے اٹھائے جانیوالے وسیع تر اقدامات اور منصوبہ بندی سے آگاہ کیا۔ انہوں نے مشکل اور غیر یقینی حالات میں معیشت کے تحفظ اور فروغ کیلئے مختلف اقدامات کا بھی ذکر کیا۔ ملاقات میں پاک چین اقتصادی راہداری پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈاکٹر عبدالحفیظ شیخ نے کہا کہ سی پیک مشترکہ مقدر، اہداف اور دونوں اقوام کے مزید خوشحال مستقبل کیلئے پاکستان اور چین کی حکومتوں اور عوام کے درمیان تفہیم دوستی اور گہرے روابط کا نقطہ عروج ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی حکومت سی پیک منصوبوں کے عملی اطلاق کے عمل کو تیز کرنے کیلئے کئی ادارہ جاتی اقدامات اٹھا رہی ہے۔ چین کے سفیر نے کہا کہ چین کے عوام اپنے پاکستانی بھائیوں کے کندھوں سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں، انہوں نے یقین دلایا کہ چین پاکستان میں ایسے ترقیاتی منصوبوں میں سرمایہ کاری میں اضافہ کرے گا جس سے نہ صرف پاکستان کی معیشت کو فائدہ ہوگا بلکہ روزگار کے مواقع بھی فراہم ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کے ساتھ اپنے برادرانہ تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے، انہوں نے مسلسل حمایت پر وزیراعظم کے مشیر کا شکریہ ادا کیا۔

شال بقیہ 10

بین الاقوامی اداروں سے بھی رابطے میں ہیں۔ جمعہ کو میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹڈی دل کے خاتمے کے لئے اداروں کی کاوشیں قابل تعریف ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ متاثرہ علاقوں میں ٹڈی دول کو تلف کرنے کے لئے آپریشن جاری ہے، آنے والے دنوں میں بھارت، ایران، افریقہ اور عمان سے ٹڈی دل کے حملے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹڈی دل کے خاتمے کے لئے بین الاقوامی اداروں سے بھی رابطے میں ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ ٹڈی دل کو تلف کرنے کے لئے اپنی استعداد کار بڑھا رہے ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ پاک آرمی کے 5 ہیلی کاپٹر استعمال ہو رہے ہیں، انسداد ٹڈی دل کیلئے سروے ضروری ہے، اس کیلئے خاص قسم کے جہاز استعمال ہوتے ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ پائلٹوں کی خاص تربیت بھی کی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ این ایل سی کی وجہ سے انسداد ٹڈی دل کیلئے مشترکہ کاوش کی جا رہی ہے۔ سید فخر امام نے کہا کہ پاکستان میں ٹڈی دل نے ایک نئی راہداری سے افغانستان سے ڈی آئی خان اور وزیرستان میں داخل ہو رہے ہیں، این ڈی ایم اے نے 11 جہازوں کا آرڈر دے دی ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ مائکرون سپیرز بھی استعمال کئے جا رہے ہیں۔ سید فخر امام نے کہا کہ 20 مائکرون سپیرز برطانیہ اور ایف اے او کی طرف سے دیئے گئے۔ سید فخر امام نے کہا کہ ہماری وزارت 100 حشریات دان بھرتی کر رہی ہے، اس سلسلے میں ہم وزارت خارجہ کے شکر گزار ہیں۔

شال بقیہ 11

کیا۔ تقریب کا انعقاد آرمڈ فورسز انسٹی ٹیوٹ آف ریڈیالوجی اینڈ امیجنگ راولپنڈی میں ہوا۔ اس سہولت سے آرمڈ فورسز اور راولپنڈی اسلام آباد کے علاوہ کے پی کے، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کے سویلین مریض بھی استفادہ کر سکیں گے۔ اس منصوبے کی کل لاگت کا تخمینہ 6643 ملین روپے ہے اور اس کو ایک سال کے قلیل مدت میں پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ اس سے قبل یہ سہولت صرف لاہور اور کراچی کے ہسپتالوں تک محدود تھی۔ کینسر کے مریضوں کے علاوہ یہ جدید ترین سکین کارڈیالوجی اور نیورالوجی کے مختلف امراض کے لئے بھی دستیاب ہوگا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ ڈاکٹرز نے مشکل کی اس گھڑی میں جس طرح ہر اول دستے کا کردار جانفشانی سے ادا کیا اس کیلئے وہ تحسین کے لائق ہیں، امید ہے آئندہ بھی ڈاکٹرز مکمل لگن اور محنت سے انسانیت کی خدمت میں اپنا کردار ادا کرتے رہیں گے۔ بعد ازاں آرمی چیف نے آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف ریڈیالوجی میں بائی پلین انجیوگرافی کا بھی افتتاح کیا، اس سہولت سے فالج کے مریضوں کو بروقت علاج کی سہولت میسر ہوگی، اس کے علاوہ انٹرونیشنل ریڈیالوجی کی اس سہولت سے دل، اعصاب اور کینسر کے مریضوں کے مختلف امراض کا بغیر آپریشن معمولی پروسیجر سے علاج کیا جاسکے گا۔ واضح رہے کہ آرمڈ فورسز انسٹیٹیوٹ آف ریڈیالوجی اینڈ امیجنگ راولپنڈی اپنی نوعیت کا جدید ترین نیوکلیئر ہسپتال ہے جہاں 30 میسلا ایم آر آئی، سی ٹی سکین، کیتھ لیب، ڈیجیٹل ریڈیوگرافی، ڈیکسا سکین، فلوروسکوپی، الٹراساؤنڈ اور انٹرونیشنل ریڈیالوجی کے ساتھ ساتھ اب پٹ سٹی سکین کی سہولت بھی موجود ہے۔

شال بقیہ 12

نااہل حکمرانوں کو گھر بھیجے گی۔ ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے جمعیت بلوچستان کے رہنما حاجی حسن شیرانی کی رہائش گاہ پر پارٹی رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ممتاز قانون دان کامران مرتضیٰ، حافظ خلیل احمد سارنگزئی، مولانا سرور، مولانا سلطان شاہ ودیگر موجود تھے انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت سے اتحادی نکلتے جا رہے ہیں موجودہ بجٹ تاریخ کا بدترین بجٹ ہے جس میں بلوچستان کو مکمل طور پر نظر انداز کر دیا گیا ہے اور بلوچستان کی ناکام صوبائی حکومت بھی اس حوالے سے مکمل خاموش ہے انہوں نے کہا کہ ہم سیاسی جماعتوں سے رابطے میں ہیں عنقریب اپوزیشن ایک متفقہ لائحہ عمل طے کر لیگی انہوں نے کہا کہ موجودہ سلیکٹڈ حکومت نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے ملک میں مہنگائی اور بیروزگاری خطرناک حد تک بڑھ چکی ہے۔

شال بقیہ 13

روز آزاد جموں و کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد کا دورہ کیا۔ وزیراعظم عمران خان نے آزاد جموں و کشمیر میں لائن آف کنٹرول پر لڑنے والے بہادر اور غیور عوام جو ہندوستانی فوج کی فائرنگ سے متاثر ہو رہے ہیں کیلئے وفاقی حکومت کے احساس پروگرام کے تحت لائن آف کنٹرول کے متاثرین میں امدادی چیکس تقسیم کر کے اس خصوصی ریلیف پیکج کا آغاز کیا۔ اس پیکج کے تحت آزاد جموں و کشمیر میں لائن آف کنٹرول کے ساتھ واقع 219 متاثرہ دیہات کی 123204 گھرانوں کو 12 ہزار روپے فی کس کی امدادی رقم دی جائے گی۔ اس طرح کل 1 ارب 47 کروڑ 84 لاکھ 48 ہزار روپے 8 اضلاع کی 15 تحصیلوں کے متاثرین میں تقسیم کیے جائیں گے۔ دریں اثناء وزیراعظم پاکستان عمران خان کا مظفر آباد پہنچنے پر صدر آزاد جموں و کشمیر سردار مسعود خان، وزیراعظم راجہ محمد فاروق حیدر خان اور چیف سیکرٹری مظہر نیاز رانا نے ہیلی پیڈ پر استقبال کیا۔ وزیراعظم پاکستان کے ہمراہ وفاقی وزیر امور کشمیر علی امین گنڈاپور اور انچارج احساس ایمرجنسی کیش پروگرام ڈاکٹر ثانیہ نشتر بھی موجود تھے۔ قبل ازیں چیف سیکرٹری آزاد کشمیر مظہر نیاز رانا نے وزیراعظم پاکستان کو آزاد جموں و کشمیر میں کورونا وائرس کی صورتحال اور آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کے حوالہ سے بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت آزاد جموں و کشمیر کے بروقت اور موثر اقدامات اور وفاقی حکومت کے تعاون کی وجہ سے کورونا وائرس کے پھیلاؤ کی صورتحال کنٹرول میں ہے۔

شال بقیہ 14

گیا، مرزا شاہنواز آغا نے اس موقع پر بتایا کہ پاکستان اور چین کے پرائیویٹ سیکٹر کے اشتراک سے پاکستان کی مارکیٹ کیلئے مکمل بزنس سولوشن یونٹ (Complete Business Solution Unit) کا اجراء کیا جا رہا ہے، انکا ادارہ وفاقی حکومت کیمدد سے اس اقدام کو بلوچستان میں میں متعارف کروا رہا ہے، پروگرام کا مقصد صوبے سے بیروزگاری اور غربت کے خاتمے میں مدد فراہم کرنا ہے، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے چیف ایگزیکٹو فرمان زرکون نے اس اقدام کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں غربت اور بیروزگاری کے خاتمے کیلئے صوبائی حکومت کئی اقدامات کر رہی ہے، جس میں سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کا فروغ سرفہرست ہے، ہم سرمایہ کاروں اور کاروباری طبقے کو صوبے میں کاروباری سرگرمیوں کے حوالے سے مدد فراہم کر رہے ہیں تاکہ وہ آسانی کیساتھ اپنے کاروبار کو وسعت دے سکیں۔ بزنس سولوشن یونٹ یقیناً کاروباری سرگرمیوں کے فروغ میں مددگار ثابت ہوگا۔

شال بقیہ 15

سے شدید معاشی و اقتصادی دباؤ کا شکار ہیں اور آج دنیا کے اکثر ممالک نے جہاں ایک طرف نئے ٹیکسز کا اجراء کیا ہے تو دوسری جانب اداروں سے لاکھوں ملازمین کو فارغ کیا ہے ایک ترقی پذیر ملک کے ایک پسماندہ صوبے کے ناسمائد مالی حالات کے باوجود ٹیکس فری بجٹ اور مالی خود مختاری کے لیے واضح ویژن پر مشتمل بجٹ دستاویزات صوبائی حکومت کی ایک ایسی پختہ کمٹمنٹ ہے جو بلوچستان کو دستیاب وسائل میں ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے عملی نمونہ ہے صوبائی بجٹ پر اظہار خیال کرتے ہوئے پارلیمانی سیکرٹری صحت نے کہا کہ صوبائی بجٹ کا باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو واضح ہوتا ہے کہ صوبائی بجٹ میں صحت کے شعبے پر خاص توجہ دی گئی ہے نئے مالی سال میں ڈویژنل اور ضلعی سطح پر طبی انفرا اسٹرکچر کی بہتری اور کورونا کی ٹیسٹنگ کی استعداد بڑھانے کے لئے اسکیمیں تجویز کی گئی ہیں اس بجٹ میں بنیادی مقصد عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف کی فراہمی بہتر سہولیات وسائل کے مطابق صوبائی بجٹ میں تعلیم اور سماجی شعبے کو فوکس کیا گیا ہے۔

شال بقیہ 16

بلوچستان اسمبلی کے اجلاس کے دوران وزیراعلیٰ کے مشیر مطاخان کاکڑ کی کورونا وائرس کی رپورٹ آئی جس میں ان میں کورونا وائرس کی تشخیص ہوئی رپورٹ کی نشاندہی ہوتے ہی ایوان میں کھلبلی مچ گئی جبکہ مطاخان کاکڑ ایوان سے چلے گئے، واضح رہے کہ مطاخان کاکڑ اجلاس کے دوران ارکان اسمبلی سمیت دیگر افراد سے ملتے اور ہوٹ گفتگو رہے تھے۔

شال بقیہ 17

صوبوں کے حقوق کا تحفظ کیا گیا جس کے مستقبل میں مثبت اثرات مرتب ہوں گے پارٹی کے جانب سے فیصلے کو مثبت گردانہ گیا ہے اس فیصلے سے یقیناً آئین و قانون کی بالادستی ہوگی بلوچستان سمیت تمام صوبوں کے حقوق کے تحفظ میں مثبت اور اہم پیش رفت ثابت ہوگی۔

شال بقیہ 18

ہی نتیجہ ہوتی ہیں، حکومت، عدلیہ اور میڈیا سمیت تمام اداروں پر کنٹرول چاہتی ہے، موجودہ نظام فرعونی اور غیر جمہوری سوچ کا قائم کردہ ہے، عوام کی خدمت کا کام جو حکومت کو کرنا چاہیے تھا وہ جماعت اسلامی اور الخدمت کر رہی ہے۔ وہ جماعت اسلامی حلقہ خواتین کی مجلس شوریٰ کے پہلے سیشن سے آن لائن خطاب کر رہے تھے، جماعت اسلامی پاکستان حلقہ خواتین کی سیکرٹری جنرل دردانہ صدیقی نے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ طاغوت ہمیشہ سے حق کے مقابلے میں تعداد میں زیادہ رہا ہے لیکن مومن کا معیار مطلوب اگر حاصل ہو جائے تو ہم ایک کے مقابلے میں سو پر غالب آسکتے ہیں یہ اللہ کا احسان ہے کہ اس نے ہمیں اپنے کام کے لیے چن لیا ہے اور ایک ایسی جماعت سے وابستہ کیا جس کا نصب العین صرف اور صرف غلبہ دین اور اللہ کی رضا کا حصول ہے۔ انہوں نے کہا کہ کورونا کی وبا سپیدا ہونے والی حالیہ گمبھیر صورتحال کے ساتھ ساتھ وطن عزیز اس وقت اندرونی و بیرونی خطرات کی زد میں ہے اور ہم تاریخ کے کٹھن دور سے گزر رہے ہیں۔ مایوسی و انتشار، نفرت، بے چینی اور انارکی کے ان اندھیروں سے نکلنے کا واحد راستہ دعوت و رجوع الی اللہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزمائش کی گھڑی میں ایک بندہ مومن کا رویہ رجوع الی اللہ کے ساتھ اللہ کو راضی کرنے اور باہم ہمدردی و مواخات کا ہونا چاہیے۔ حکومت کی مایوس کن کارکردگی نے معاشرے پر جو منفی اثرات ڈالے ہیں اس کے تدارک کے لئے دینی و اخلاقی تربیت اور اصلاح کا کام نہایت دلسوزی اور حکمت کا متقاضی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کی تباہ حالی کے نعرے نے عوام کو بنیادی ضروریات زندگی سے بھی محروم کر دیا ہے۔

شال بقیہ 19

تمام کیلئے لائحہ عمل طے، تفصیلات کے مطابق بلوچستان ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں گزشتہ روز سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نورالامین مینگل سے ڈی آئی جی موٹر وے پولیس علی شیر جھکرانی نے انکے دفتر میں ملاقات کی اس موقع پر این ایچ اے کا نمائندہ بھی موجود تھا، ملاقات میں بلوچستان کے تمام ہائی وے روڈ اور لنگ روڈ پر ہونے والے ٹریفک حادثات کی روک تھام کے حوالے سے تفصیلی بات چیت ہوا، بلوچستان میں لنگ روڈ جو ہائی وے روڈز کو ملتے ہیں ان پر اسپیڈ بریکر نہ ہونے کی وجہ سے کئی قیمتیں جانیں ضائع ہو چکے ہیں ان حادثات کی روک تھام کیلئے عملی اقدامات کرنے پر اتفاق ہوا، اور ڈی آئی جی موٹر وے پولیس علی شیر جھکرانی نے سیکرٹری مواصلات و تعمیرات نورالامین مینگل کو ہائی وے اور لنگ روڈز کے حوالے سے کچھ دستاویزات بھی پیش کیے۔

شال بقیہ 20

نے پوری شوگر انڈسٹری کو چور بنا دیا، عمران خان کا تعلق ریاست مدینہ سے نہیں سویت یونین سے ہے، عمران خان کو بی آر ٹی، چینی اور دوائیوں کی کرپشن کا حساب دینا ہوگا، نواز شریف کی صحت بہتر ہو رہی ہے، جوں ہی کورونا ختم ہوگا تو نواز شریف کا پارٹ پروسیجر ہوگا، جب نیب کے پاس گواہ نہیں ہے تو مجھے دو ماہ سے زائد جیل میں کیوں رکھا؟۔ جمعہ کو احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ میں کو دو سے ابھی ریکوور ہوا ہوں پھر بھی عدالت میں پیش ہوا ہے، نیب ابھی تک ریفرنس مکمل نہیں کر سکا۔ انہوں نے کہا کہ جب نیب کے پاس گواہ نہیں ہے تو مجھے دو ماہ سے زائد جیل میں کیوں رکھا؟ نیب انتقامی کارروائی کرتا ہے اور حکومت کے ایجنڈے کی تکمیل کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نارووال سپورٹس سٹی کمپلیکس بنانا جرم ہے لیکن چینی کا تین سو ارب کا فین درست ہے، چینی کا فین کرنے والے لندن میں بیٹھے ہوئے ہیں، چینی کی قیمت 53 روپے سے 90 روپے تک کس کی وجہ سے گئی کس نے ساز باز کی تھی، کس نے عوام کی جیب پر ڈاکہ ڈالا تھا، انہوں نے چینی چوروں کو بچانے کیلئے پوری شوگر انڈسٹری کو چور بنا دیا۔ انہوں نے کہا کہ ایک جہاز کریش ہوا، اس کی رپورٹ میں اپنی نااہلی چھپانے کیلئے پوری ایوی ایشن کو داؤ پر لگا دیا، یہ اپنے آپ کو ریفارمر ثابت کرنے کیلئے پورے ملک کو ڈاکو بنا رہے ہیں، عمران خان پاکستان کا گورباچوف ہے

کشمیر کے حالات تمام دنیا کے سامنے لے کر جاؤں گا، عمران خان

ایک مولانا کے آزادی مارچ نے کشمیر کاز کو نقصان پہنچایا، ہم دوبارہ دنیا بھر میں کشمیر کا مسئلہ اٹھائیں گے

مشکل حالات میں بھی آزاد کشمیر کا بجٹ بڑھایا ہے کم نہیں کیا، آزاد کشمیر، فاٹا، بلوچستان اور گلگت بلتستان کا بجٹ بڑھائیں گے، خطاب

مظفرآباد (آن لائن) وزیراعظم عمران خان نے کہا ہے کہ 5 کشمیر کاز دنیا بھر میں اٹھ رہا تھا پوری دنیا کے میڈیا کی توجہ کشمیر کی طرف تھی کہ اچانک ایک مولانا صاحب آزادی مارچ لے کر آگئے آزادی مارچ نے کشمیر کو نقصان پہنچایا، ہم دوبارہ 5 اگست سے پہلے پوری دنیا میں مسئلہ کشمیر بھرپور طریقے سے اجاگر کریں گے، مودی عام آدمی نہیں نفسیاتی مریض ہے یہ آر ایس ایس کی پیداوار ہے، مودی مقبوضہ کشمیر میں نسل کشی کی طرف جا رہا ہے۔ وزیراعظم نے ان خیالات کا اظہار آزاد کشمیر کے ایک روزہ دورے پر مظفرآباد پہنچنے پر ایک تقریب سے اپنے خطاب میں کیا۔ وزیراعظم نے مقبوضہ کشمیر میں بھارتی مظالم پر شدید مذمت کی اور کہا کہ میں نے دنیا کو آر ایس ایس اور ان کے مظالم سے آگاہ کیا، یہ مقبوضہ کشمیر میں نسل کشی کی طرف جا رہے ہیں، آر ایس ایس والے بقیہ نمبر31 صفحہ3 پر

کوئٹہ طلباء تنظیموں کے طلباء و طالبات بلوچستان اسمبلی کے سامنے احتجاجی دھرنا دیئے ہوئے ہیں

مستونگ کے عوام کو ٹینکر مافیاوں کے رحم و کرم پر چھوڑا گیا ہے، نثار احمد مشوانی

ٹینکر مافیوں نے اپنے خود ساختہ نرخ نامہ فکس کر چکے ہیں 25 سو فی ٹینکر کے وصول کر رہے ہیں

حکومتی نرخ نامہ کے دھجیاں ہوا میں اڑ دیں گے جو عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں

مستونگ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے تحصیل صدر نثار احمد مشوانی نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ مستونگ کے عوام کو ٹینکر مافیاوں کے رحم و کرم پر چھوڑا گیا ہے ٹینکر مافیوں نے اپنے خود ساختہ نرخ نامہ فکس کر چکے ہیں 25 سو فی ٹینکر کے وصول کر رہے ہیں حکومتی نرخ نامہ کے دھجیاں ہوا میں اڑ دیں گے جو عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں اہل مستونگ ٹینکر مافیاوں کے خود ساختہ نرخ نامہ سے شدید پریشان ہیں ٹینکر مافیاوں سے کوئی پوچھنے والے نہیں ہے اسسٹنٹ کمشنر اور ایس ڈی او پیز کے خلاف درزی کرنے بقیہ نمبر43 صفحہ3 پر

چھتر کے علاقے میں غیرت کے نام پر فائرنگ خاتون سمیت دو افراد قتل ملزم فرار

نصیر آباد (آن لائن) چھتر کے علاقے میں غیرت کے نام پر فائرنگ خاتون سمیت دو افراد قتل ملزم فرار پولیس کے مطابق پولیس تھانہ چھتر کی حدود چھتر شہر میں غیرت کے نام پر ملزم نے فائرنگ کر کے مسمات داداں بی بی اور دھنی بخش بقیہ نمبر42 صفحہ3 پر

بلوچستان کے مسئلے کو پاکستان کا مسئلہ سمجھا تصور کیا جائے، حافظ حسین احمد

صوبے کے مسئلے کو صرف بلوچستان کا مسئلہ سمجھا جائے گا تو قیامت تک حل نہیں ہوگا

وفاقی حکومت مسائل حل نہیں کرنا چاہتی یا ان کے پاس اختیار ہی نہیں، ترجمان جے یو آئی

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی ترجمان و سابق سینیٹر حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ بلوچستان کے مسئلے کو صرف بلوچستان کا مسئلہ سمجھا جائے گا تو قیامت تک حل نہیں ہوگا، بلوچستان کے مسئلے کو پاکستان کا مسئلہ سمجھا اور تصور کیا جائے، وفاقی حکومت بلوچستان کے مسائل حل نہیں کرنا چاہتی یا ان کے پاس اختیار ہی نہیں ہیں۔ وہ گذشتہ روز ایک نجی چینل پر بلوچستان کے مسئلے پر ہونے والے خصوصی پروگرام میں گفتگو کر رہے تھے۔ سابق بقیہ نمبر33 صفحہ3 پر

محکمہ توانائی کیجانب سے کے الیکٹرک کو چیک پیش کیا جا رہا ہے

منگچر پریس کلب کی جانب سے نوشکی پریس کلب کے نومنتخب کابینہ کو مبارک باد

منگچر (نامہ نگار) منگچر پریس کلب کی جانب سے نوشکی پریس کلب کے نومنتخب کابینہ کو مبارک باد منگچر پریس کلب کے صدر مختیار قادری، چیرمین میر جاوید اقبال لانگو، وائس چیرمین فیض سالانی، نائب صدر مقبول گل محمد بقیہ نمبر47 صفحہ3 پر

دو مختلف واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ کمسن لڑکا شدید زخمی

نوشکی (آن لائن) دو مختلف واقعات میں ایک شخص جاں بحق جبکہ کمسن لڑکا شدید زخمی تفصیلات کے مطابق نوشکی میں جمعے کی علی الصبح محمد اسماعیل نامی شخص موٹر سائیکل پر سوار بازار جا رہا تھا کہ قومی شاہراہ پر اسٹیشن کے قریب ٹریلر سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں موٹر سائیکل سوار شخص جاں بحق ہو گئے بعد ازاں سول ہسپتال میں ضروری کاروائی کے بعد نعش ورثاء کے حوالے کر دی گئی اسکے علاوہ ٹریکٹر کی ٹائر کو ہوا بھرتے ہوئے نوعمر لڑکا گل خان بقیہ نمبر50 صفحہ3 پر

آئی ڈی ایس پی بلوچستان کی طرف سے ڈسٹرکٹ ہسپتال کے ڈاکٹروں کیلئے حفاظتی سامان ڈاکٹر آصف انور شاہوانی کے حوالے کر دیا گیا

اوتھل (این این آئی) آئی ڈی ایس پی بلوچستان کی جانب سے محکمہ صحت کو 100 پی پی کٹس اور 50 عدد ماسک دیے گئے، گزشتہ روز آئی ڈی ایس پی بلوچستان کے مظہر علی موندرہ نے 100 پی پی کٹس اور 50 عدد ماسک ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر لسبیلہ ڈاکٹر آصف انور شاہوانی کے دفتر میں انکے حوالے کئے۔

ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے ناریل فارم اور ایگریکلچر آفس اوتھل کا دورہ

محکمہ زراعت لسبیلہ زرعی شعبے کی ترقی اور زرعی اجناس کی پیداوار بڑھانے کیلئے کوشاں ہے

لسبیلہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر لسبیلہ ڈاکٹر حسن وقار چیمہ نے ناریل فارم اور ایگریکلچر آفس اوتھل کا دورہ کیا ڈپٹی کمشنر لسبیلہ کو دورے کے موقع پر افسران نے بتایا کہ محکمہ زراعت لسبیلہ زرعی شعبے کی ترقی اور زرعی اجناس کی پیداوار بڑھانے کیلئے کوشاں ہے حکومت بلوچستان کی جانب سے کاٹن پراجیکٹ کے تحت زمینداروں کو چ اور زرعی آلات کی فراہمی سیڈ ایگریکلچر سیکٹر سے وابستہ کاشتکاروں کی حوصلہ افزاء ہوئی ہے اور لسبیلہ میں گزشتہ سال 25 ہزار ایکڑ اور رواں سال 14 ہزار ایکڑ رقبے پر کپاس کی فصل کاشت کی گئی ہے ڈی سی لسبیلہ کو بتایا گیا کہ گزشتہ سال سیلاب کی تباہ کاریوں سے بڑے پیمانے پر زرعی اراضیات بقیہ نمبر51 صفحہ3 پر

عوام کورونا وائرس کو سنجیدگی سے لیں حکومت کو اپنے شہریوں کی جانیں عزیز ہیں

کورونا وائرس کا واحد حل اور علاج یہ ہے کہ شہری اپنے گھروں تک محدود رہیں، سہیل الرحمن بلوچ

لورالائی (این این آئی) کمشنر ڈویژن سہیل الرحمن بلوچ نے عوامی دفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ عوام کورونا وائرس کو سنجیدگی سے لیں حکومت کو اپنے شہریوں کی جانیں عزیز ہیں کورونا وائرس کا واحد حل اور علاج یہ ہے کہ شہری اپنے گھروں تک محدود رہیں انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے عوام کی زندگیاں انتہائی عزیز ہیں انہوں نے کہا کہ لورالائی شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے جس کے تحت ٹریل سواری پر پابندی عائد ہے قانون کی خلاف ورزی کی کسی کو بھی اجازت نہیں دی جا سکتی دی تو میں ہی دنیا میں کامیاب ہوتے ہیں جنہوں نے قانون کا احترام کیا ہے کورونا وائرس کو ہم نے ایڈی بقیہ نمبر62 صفحہ3 پر

محترمہ شاہینہ کاکڑ چیئرپرسن مجلس عمومی برائے قواعد انضباط کار و استحقاقات کی نشست کی صدرت کر رہی ہیں

نواحی علاقے پیر کوہ میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک خاتون جاں بحق

ڈیرہ بگٹی (آن لائن) نواحی علاقے پیر کوہ میں مٹی کا تودہ گرنے سے ایک خاتون جاں بحق جبکہ دوسری زخمی ہو گئیں پولیس کے مطابق گزشتہ روز ضلع ڈیرہ بگٹی کے سب تحصیل پیر کوہ سے بقیہ نمبر57 صفحہ3 پر

بلوچ طلباء و طالبات کی گرفتاری بلوچستان کے روایات کو مسخ کرنے کی کوشش ہے، جمیل اکبر بگٹی

طلباء و طالبات کے پرامن احتجاج کو منتشر کرنا ریاست کے فرسودہ اور ظالمانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے

کوئٹہ (آن لائن) شہید نواب اکبر خان بگٹی کے صاحبزادے نوابزادہ جمیل اکبر بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچ طلباء و طالبات کی گرفتاری بلوچستان کے روایات کو مسخ کرنے کی کوشش ہے طلباء و طالبات کے پرامن احتجاج کو منتشر کرنا ریاست کے فرسودہ اور ظالمانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ اپنے بقیہ نمبر58 صفحہ3 پر

کل 860 پائلٹ ہیں جن میں سے 262 کے لائسنس مشکوک تھے، غلام سرور

28 پائلٹس کی انکوائری مکمل ہو چکی، 9 پائلٹس نے تسلیم کر لیا ان کا لائسنس جعلی طریقے سے حاصل کیا گیا، انہیں فارغ کرنے کیلئے کابینہ سے منظوری لینا ہے

آصف الحق، سینئر ڈائریکٹر فیصل منصور انصاری، عبدالرئیس، خالد جاوید، سید عدیل اور ان کی انکوائری ایف آئی اے کے حوالے کر دی ہے، وفاقی وزیر ہوابازی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر برائے ہوابازی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ پاکستان کے کل 860 پائلٹ ہیں جن میں سے 262 کے لائسنس مشکوک تھے، ان میں سے 28 پائلٹس کی انکوائری مکمل ہو چکی ہے اور 9 پائلٹس نے تسلیم کر لیا کہ ان کا لائسنس جعلی طریقے سے حاصل کیا گیا، ان 28 پائلٹس کو نوکری سے فارغ کرنے کیلئے کابینہ سے منظوری لینی ہے۔ سول ایوی ایشن کے لائسنس جاری کرنے والے ملازمین کو بھی برطرف کیا گیا ہے، ان بقیہ نمبر35 صفحہ3 پر

سخاوی، صوبائی وزیر پی ایچ ای۔ واسا حاجی نور محمد دمڑ اسپورٹس اسٹیڈیم کے تعمیراتی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور قلت آب کے مسائل سے شہری تنگ آ چکے ہیں، مولانا عبدالرحمن رفیق

بجلی کے بلوں میں لاک ڈاؤن کی کسر نکالنے کیلئے اندھا دھند چھری استعمال کی گئی، ضلع امیر جمعیت علماء اسلام

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع امیر مولانا عبدالرحمن رفیق، صوبائی جوائنٹ سیکرٹری سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی بشیر احمد کاکڑ، مولانا محمد ہاشم خیلکی، مولانا حکیم حبیب اللہ، مولانا محمد ایوب ایوبی، مولانا عبدالاحد، مولانا محمد اشرف جان، مولانا حافظ عبدالحق حقانی، مولانا غلام نبی محمدی، مفتی عبدالسلام رئیسانی، حافظ مسعود احمد، حافظ شبیر احمد مدنی، مولانا عبدالغفور مدنی، مفتی عبدالسلام رئیسانی، محمد شاہ لالا، حاجی ولی محمد بزنجو، حافظ سراج الدین، غضنفر اللہ کاکڑ، مفتی بقیہ نمبر36 صفحہ3 پر

ضلع میں محکمہ زراعت دن رات ٹڈی دل کے خاتمے کیلئے کوشاں ہے، میر سعید اللہ مری

حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ جلد از جلد ٹڈی دل کے خاتمے کو یقینی بنایا جائے

کوہلو (خ ن) ڈپٹی کمشنر عبداللہ خان کھوسہ کی ہدایت پر ضلع میں محکمہ زراعت کی جانب سے ٹڈی دل کے خلاف سپرے مہم جاری ہے محکمہ زراعت کی جانب سے ضلع کے دور دراز علاقوں میں سپرے مہم کو مکمل کرنے کے بعد اب نواحی اور شیریں علاقوں میں فصلوں پر ٹڈی دل کے سپرے کئے جا رہے ہیں اب تک تحصیل ماوند، تحصیل کاہان، سفید، تحصیل تمبو، گرمنی اور پانی ولا سے زائی، ملک زائی سمیت بقیہ نمبر37 صفحہ3 پر

بلوچستان میں اسوقت نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد منشیات کی عادی ہے، ملک رشید کاکڑ

کوئٹہ سمیت بلوچستان بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی کی جائے

کوئٹہ (این این آئی) انسداد منشیات کے عالمی دن کے موقع پر عوامی مسائل ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام جمعہ کو کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا گیا مظاہرین نے بینرز اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے۔ مظاہرین سے کیڈاک ویلفیئر سوسائٹی کے چیئرمین ملک رشید کاکڑ، حاجی عبدالقیوم کاکڑ، محمد حنیف خوندی اور دیگر نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں اسوقت نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد منشیات کا استعمال کر رہی ہے جس سے کئی بقیہ نمبر40 صفحہ3 پر

برقی لائنوں کی مرمت کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق برقی تصحیحات اور لائنوں پر ضروری مرمت کے کام کے سلسلے میں 27 جون کو ہنگور گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ 28 جون کو (بروز اتوار) مری آباد گرڈ اسٹیشن بقیہ نمبر41 صفحہ3 پر

مہنگائی اور کرپشن نے ضلع کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا ہے، اسرار احمد عمرانی

پولیس امن امان بحال کرنے میں مکمل طور پر ناکام ہو چکی ہے ترقیاتی منصوبوں کے فنڈز میں کرپشن کی جاری ہے

ڈیرہ اللہ یار (این این آئی) جعفر آباد یوتھ فورم کے صدر اسرار احمد عمرانی نے اپنے دیگر عہدیداران میر اللہ کھوسہ، ذیشان بلوچ، جمعہ خان جمالی، صفیر لاشاری، فہد مستوئی اور احمد لانگو کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگائی اور کرپشن نے ضلع کو تباہ و برباد کر کے رکھ دیا ہے عوام بقیہ نمبر45 صفحہ3 پر

پرائیویٹ تعلیمی ادارے اس وقت شدید مشکلات کے شکار ہے، حضرت علی کوثر

65 فیصد ادارے حکومت کے بے غوری کی وجہ سے بند ہو گئے

کوئٹہ (آن لائن) فرانسیسکوز ایسوسی ایشن بلوچستان صوبائی صدر حضرت علی کوثر، صوبائی پریس سیکرٹری مولوی محمد جیلانی صوبائی کنوینئر حافظ زین اللہ زون کیلاک صدر محمد نعیم کاکڑ زون 3 صدر ڈاکٹر شفیق الرحمن لانگو زون 1 صدر عبدالظاہر کاکڑ صوبائی فنانس سیکرٹری قاری زیب بقیہ نمبر46 صفحہ3 پر

ژوب جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری سے حاجی حسن شیرانی ملاقات کر رہے ہیں

شیخ مولانا عزیز الرحمان ہزاروی کے رحلت سے پیدا ہونے والا خلاء مدتوں پر نہیں ہوگا، حافظ محمد صدیق مدنی

شیخ مولانا عزیز الرحمان ہزاروی ایک جید عالم دین اور اتحاد بین المسلمین کے داعی تھے، بے یو آئی

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع قلعہ عبداللہ چمن کے رہنماء اور مدرسہ بحرالعلوم چمن کے نائب مدیر مولوی حافظ محمد صدیق مدنی نے مدرسہ دارالعلوم زکریا اسلام آباد کے بانی مہتمم اور جمعیۃ السلف شیخ القرآن شیخ مولانا عزیز الرحمان ہزاروی مدظلہ کی اس دارفانی سے رحلت ہونے پر دلی رنج و غم کے اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس ہستی کے رحلت سے جو امت مسلمہ میں پیدا ہونے والا خلاء مدتوں پر نہیں ہوسکے گا۔ شیخ القرآن شیخ مولانا عزیز الرحمان ہزاروی مدظلہ ایک جید عالم دین اور اتحاد بین المسلمین بقیہ نمبر52 صفحہ3 پر

موجودہ حکومت اپنے دو سالہ دور میں عوام کو بیروزگاری کے علاوہ کچھ نہیں دیا، علی حسن بلوچ

موجودہ وفاقی حکومت اور بلوچستان کے گمنام حکومت کے خاتمے کے دن قریب آتے ہی اب مظلوم بننا چاہتے ہیں

اوستہ محمد (این این آئی) نیشنل پارٹی تحصیل اوستہ محمد کے سابق صدر علی حسن بلوچ نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت اپنے دو سالہ دور میں عوام کو بیروزگاری کے علاوہ کچھ نہیں دیا اور اپنے دو سالہ دور میں صرف عوام سے جھوٹ بولتے رہے ہیں اب موجودہ وفاقی حکومت اور بلوچستان کے گمنام حکومت کے خاتمے کے دن قریب آتے ہی اب مظلوم بننا چاہتے ہیں کیونکہ انہوں نے ملک اور صوبے کے اندر کوئی ترقیاتی کام نہیں کئے ہیں۔

اوتھل اب منشیات کے حوالے سے کراچی کا لیاری بن چکا ہے، صحافیوں سے گفتگو

حب کے بعد اوتھل میں منشیات بہت زیادہ ہو چکی ہے، غلام سرور جمعہ رونجھو

اوتھل (این این آئی) سول سوسائٹی کی جانب سے لسبیلہ بالخصوص اوتھل میں منشیات کے بڑھتے ہوئے رجحان اور نوجوان نسل کو اس ناسور سے بچانے کیلئے "منشیات مٹاؤ اور نوجوان نسل بچاؤ" ریلی نکالی گئی جس میں شہریوں کی ایک بہت بڑی تعداد نے شرکت کی اس حوالے سے سول سوسائٹی کے رہنما غلام سرور جمعہ رونجھو، پیر غلام محمد شاہ، محمد علی شیخ کی قیادت میں ضلعی ہیڈ کوارٹر اوتھل میں بقیہ نمبر56 صفحہ3 پر

بلوچستان کو سوچی سمجھی سازش کے تحت پسماندہ رکھا جا رہا ہے، اسحاق نذیر چنہ

لاک ڈاؤن کے باعث جہاں پوری دنیا کا نظام رک گیا ہے وہیں پاکستان بھی شامل ہے

کوئٹہ (آن لائن) چند ویلفیئر ایسوسی ایشن آف پاکستان بلوچستان کے مرکزی صدر اسحاق نذیر چنہ کی پولیس کی جانب سے طلباء کی گرفتاری اور تشدد کی سخت الفاظ میں مذمت انہوں نے کہا کہ پرامن احتجاج میں بیٹھے بلوچستان کے طلباء و طالبات پر تشدد کرنا اس بات کی گواہی ہے کہ بلوچستان سے تعلیم کا حق چھینا جا رہا ہے بلوچستان کو سوچی سمجھی سازش کے تحت پسماندہ رکھا جا رہا ہے اور اب تعلیم دشمن عناصر بلوچستان میں تعلیم کا خاتمہ کرنا چاہتے ہیں۔

موجودہ حکومت کی خارجہ پالیسی، معاشی پالیسی، ناکام ہو چکے ہیں، میر مولا بخش گورگیج

بلوچستان کی پسماندگی کو دور کرنے کیلئے جو اقدامات پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں کیا اسکی کوئی نظیر نہیں ملتی ہے

چاغی (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی نائب صدر میر مولا بخش گورگیج نے کہا ہے کہ بلوچستان کی پسماندگی کو دور کرنے کیلئے جو اقدامات پیپلز پارٹی نے اپنے دور اقتدار میں کیا اسکی کوئی نظیر نہیں ملتی ہے پیپلز پارٹی کے قائدین کی دل میں جتنی ہمدردیاں بلوچستان کیلئے ہیں اور کسی میں نظر نہیں آتا ہے اپنے دور میں جو بھی وعدے پیپلز پارٹی نے کیا انہیں پورا کر کے دکھایا بلوچستان کے عوام کو زخم ماضی میں دیئے تھے۔

ڈیرہ مراد جمالی، کورونا وائرس کے سبب لاک ڈاؤن میں کھلے دکانات کے خلاف سخت کاروائی

کئی دکانات سیل کر کے کئی دکانداروں کو ہزاروں روپے جرمانہ عائد کیئے گئے

تمبو (آن لائن) ڈیرہ مراد جمالی میں ضلعی انتظامیہ کا کورونا وائرس کے سبب لاک ڈاؤن میں کھلے دکانات کے خلاف سخت کاروائی کئی دکانات سیل کر کے کئی دکانداروں کو ہزاروں روپے جرمانہ عائد کیئے گئے تفصیلات کے مطابق جمعہ کے روز صوبائی حکومت کے مکمل لاک ڈاؤن کے اعلان پر ڈیرہ مراد جمالی میں کئی دکانداروں نے خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنی دکانات کھلے رکھے جن کے خلاف بقیہ نمبر30 صفحہ3 پر

صوبائی وزراء نوابزادہ طارق مگسی، میر اسد بلوچ، عبدالخالق ہزارہ اور رکن صوبائی اسمبلی میر نصیب اللہ مری ملاقات کر رہے ہیں

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل اور معیار کے مطابق تکمیل پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، قائم خان لاشاری

ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کا معیار زندگی میں بہتری آنے کے علاوہ ان کے مسائل بھی کمی کی حد تک کم ہوئے

پشین (خ ن) ڈپٹی کمشنر پشین قائم خان لاشاری نے کہا ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل سے عوام کا معیار زندگی میں بہتری آنے کے علاوہ ان کے مسائل بھی کمی کی حد تک کم ہوئے ہیں آرٹس کی تزئین و آرائش سے تعلیمی سہولیات میں بہتری اور طلباء کو بہترین ماحول میسر آئے گا۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ ہائی سکول پشین کے منصوبے پر کام مقررہ مدت سے قبل مکمل بقیہ نمبر38 صفحہ3 پر

جماعت اسلامی کے سابق امیر سید منور حسن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (پ ر) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ و ماحولیات مظاہرات کاکڑ نے جماعت اسلامی کے سابق امیر سید منور حسن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے اپنے تعزیتی بیان میں کہا ہے کہ بقیہ نمبر39 صفحہ3 پر

سردار اختر جان مینگل کا سید منور حسن کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے قائد سردار اختر جان مینگل نے جماعت اسلامی کے سابق امیر سید منور حسن کے انتقال پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ سید منور حسن با اصول باکردار انسان تھے ان کے انتقال سے جو خلاء پیدا ہوا ہے وہ صدیوں پر نہیں ہوگا انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس بقیہ نمبر44 صفحہ3 پر

بلوچستان دور افتادہ علاقوں میں مواصلاتی سہولیات کا فقدان ہے، احمد نواز بلوچ

صوبائی حکومت ایک ٹوئٹ سے اپنی ذمہ داریوں سے بری الذمہ نہیں ہو سکتے

بلوچستان نیشنل پارٹی کی طلبہ کے پرامن احتجاج کے دوران لاٹھی چارج، تشدد اور گرفتاریوں کی شدید مذمت

آئی جی پولیس بلوچستان محسن حسن بٹ پولیس کے زیر تربیت آفیسران کے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان نیشنل پارٹی ضلع کوئٹہ کے صدر و رکن بلوچستان اسمبلی میر احمد نواز بلوچ نے کوئٹہ میں طلبہ کے پرامن احتجاج کے دوران لاٹھی چارج، تشدد اور گرفتاریوں کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسطرح کا ناروا عمل صوبائی حکومت کی ڈکٹیٹر شپ کا مظہر ہے ایسا ممکن نہیں کہ یہ کارروائی ذمہ دار افراد کی منظوری حاصل کئے بغیر عمل میں لائی گئی ہو سربراہ صوبائی حکومت ایک ٹوئٹ سے اپنی ذمہ داریوں سے بری الذمہ نہیں ہو سکتے بلوچستان میں کوئٹہ کے علاوہ دور افتادہ علاقوں میں مواصلاتی سہولیات کا فقدان ہے اس بات کا حکمرانوں کو بھی بخوبی علم ہے لیکن اس کے باوجود آن لائن کلاسز بقیہ نمبر32 صفحہ3 پر

پولیس تھانہ دوداہہ کی کاروائی، باجھی عرف مسوران اقوام مربند بگٹی گرفتار

صحبت پور (نامہ نگار) پولیس تھانہ دوداہہ کی کاروائی ڈی آئی جی نصیر آباد جناب شہاب عظیم لہڑی صاحب اور ایس ایس پی صحبت پور جناب سردار حسن موسیٰ نیل صاحب کی خصوصی ہدایت پہ DSP سرکل سلہڑی جناب اختر علی بگٹی صاحب کی نگرانی میں SHO دوداہہ عبیداللہ بقیہ نمبر49 صفحہ3 پر

کوہلو میں کورونا کے خلاف اقدامات ناکافی ہیں شہری مہلک مرض میں مبتلا ہونے لگے

کوہلو (این این آئی) ضلع کوہلو میں صوبائی و ضلعی انتظامیہ کی جانب سے کورونا وائرس کیلئے کئے گئے اقدامات ناکافی ہیں شہری میں کورونا وائرس کے احتیاطی تدابیر تو دور شہری اور تاجر برادری ماسک اور ہاتھ دھونے تک کو بھول گئے ہیں۔

جائز حقوق کے لیے کوئی بھی شخص جدوجہد کریں تو کیا انہیں گرفتار کیا جائے، مکری امداد اللہ لانگو

پرامن طور پر جائز حقوق کے لیے احتجاج کرنے والے خواتین کی گرفتاری روایات اور قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے

مستونگ (نامہ نگار) قومی وطن پارٹی رہنماء مکری امداد اللہ درکزئی لانگو نے اپنے جاری کردہ مذمتی بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان کے طلباء و طالبات پرامن طور آن لائن کلاسز اور انٹرنیٹ کی بندش کے حوالے سے احتجاج کر رہے تھے کہ پولیس کی جانب سے طالب علموں کو گھسیٹتے ہوئے گرفتار کر لیا خواتین کو تھسیٹ کر گاڑیوں میں ڈالنا بلوچی روایات کے ساتھ ساتھ قانون کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے جس سے بلوچ قوم کے جذبات سخت مجروح ہوئے ہیں ہم اس واقع کی بھرپور الفاظ میں مذمت کرتے ہیں اور بقیہ نمبر48 صفحہ3 پر

مستونگ میں منشیات کی بڑھتی ہوئی رجحان نے خطرناک صورت اختیار کر لی

یہ زہر ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے اس حوالے سے انتظامیہ کی چشم پوشی لمحہ فکریہ ہے

مستونگ (این این آئی) مستونگ میں منشیات کی بڑھتی ہوئی رجحان نے خطرناک صورت اختیار کر لی ہے یہ زہر ہمارے معاشرے کو دیمک کی طرح چاٹ رہا ہے اس حوالے سے انتظامیہ کی چشم پوشی لمحہ فکریہ ہے تفصیلات کے مطابق مستونگ میں نوجوان لڑکے لڑکیاں تیزی سے منشیات میں مبتلا ہو رہے ہیں جو خوفناک امر ہے آج منشیات کے خلاف عالمی سطح پر روزانہ منشیات ڈے منایا جا رہا ہے اور عالمی بقیہ نمبر53 صفحہ3 پر

نوتال روڈ پر بوسے سے بھری ٹرک الٹ گئی ایک مزدور جاں بحق 5 زخمی ہو گئے

تمبو (آن لائن) نوتال روڈ پر بوسے سے بھری ٹرک الٹ گئی ایک مزدور جاں بحق 5 زخمی ہو گئے پولیس کے مطابق پولیس تھانہ نوتال کی حدود لانڈھی کے قریب گندواہ نوتال روڈ پر بوسے سے بھری ٹرک اچانک الٹ گئی جس بقیہ نمبر54 صفحہ3 پر

بلوچستان میں منشیات عام ہونے کی وجہ سے نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے، عبدالغنی رند

منشیات کی وجہ سے بیشمار لوگوں کے گھر تباہ ہو گئے ہیں، اور منشیات دیگر کرائم میں بھی اضافے کا موجب بنتا ہے

لسبیلہ (این این آئی) نیشنل پارٹی لسبیلہ کے ضلعی صدر عبدالغنی رند نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا کہ اقوام متحدہ کی جانب سے 1987 میں فیصلہ کیا گیا تھا کہ 26 جون کو منشیات کے خلاف عالمی دن کے طور پر منایا جائیگا۔ جسکی بنیادی وجہ منشیات کے خلاف آگاہی مہم چلا کر لوگوں کو اس زہر سے دور کرنا تھا۔ انھوں نے کہا کہ بلوچستان میں منشیات عام ہونے کی وجہ سے نوجوان نسل تباہ ہو رہی ہے۔ منشیات کی وجہ سے بیشمار لوگوں کے گھر تباہ ہو گئے ہیں۔ اور منشیات دیگر کرائم میں بھی اضافے کا موجب بنتا ہے۔

شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا ہوا ہے، حفیظ الرحمن ہاشمی

تمبو (آن لائن) پبلک ہیلتھ انجینئرنگ تحصیل آباد حفیظ الرحمن ہاشمی نے کہا کہ شہریوں کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی کو یقینی بنایا ہوا ہے علاقے میں اگر کوئی بھی شکایات سامنے لائی جاتی ہے تو اس کا فوری ازالہ کیا جاتا ہے رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری بلوچستان میر سکندر خان عمرانی کی خصوصی دلچسپی اور فنڈز کے باعث شہری کو دینو واٹر سپلائی اسکیمات پر کام اپنے آخری مراحل میں داخل ہو چکا ہے جبکہ اب بھی عوام کو باقاعدہ پانی کی سپلائی جاری ہے۔

افغانستان میں امن پورے جنوبی ایشیا میں امن سے پوشیدہ ہے، سول سوسائٹی کے نمائندوں، سماجی رہنماں

دہشت گردی کے خلاف جنگ نے افغان عوام کی پ